بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

"اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا"

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

عَمَّ 30

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور - پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

عَمَّ 30

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبد الرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ ”بیت القرآن“ درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیرِ نظر ترجمہ ”مصباح القرآن“ تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ ”بیت القرآن“ نصاب سازی کیلیے ”پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ“ میں بطور ”Book Developer“ رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ ”بیت القرآن“ اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمد للہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے ”مصباح القرآن“ کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چُنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔ پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تا کہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "يَاأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہد مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریق تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم رب کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمۂ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقۂ حیات، یارغارِ رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہ' اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جاسکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللَّهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب ”مصباح القرآن“ جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات ومسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ”الجامعۃ الاسلامیہ“ سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ ”عرض مرتب“ میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقۂ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، ”مفتاح القرآن“ اور ”مصباح القرآن“ دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
”مفتاح القرآن“ میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور ”مصباح القرآن“ میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح ”مصباح القرآن“ دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمد للہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اٰيَاتُهَا: 40 | 78 سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ 80 | رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَمَّ [1]	يَتَسَآءَلُوْنَ [2] (1)	عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ (2)
کس (چیز) کے بارے میں	وہ سب آپس میں سوال کر رہے ہیں	عظیم خبر کے بارے میں

الَّذِیْ	هُمْ [3]	فِيْهِ	مُخْتَلِفُوْنَ [4] (3)	كَلَّا
جو	وہ سب	اس میں	سب اختلاف کرنے والے	ہرگز نہیں

سَيَعْلَمُوْنَ [5] (4)	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ [5] (5)
عن قریب وہ سب جان لیں گے	پھر	ہرگز نہیں	عن قریب وہ سب جان لیں گے

اَلَمْ	نَجْعَلِ [6]	الْاَرْضَ [7]	مِهٰدًا (6)	وَّ
کیا نہیں	ہم نے بنادیا	زمین کو	بچھونا؟	اور

الْجِبَالَ [7]	اَوْتَادًا (7)	وَّ	خَلَقْنٰكُمْ [8] [9]	اَزْوَاجًا (8)
پہاڑوں (کو)	میخیں؟	اور	ہم نے پیدا کیا تمہیں	جوڑا جوڑا

وَّ	جَعَلْنَا [8]	نَوْمَكُمْ [9] [7]	سُبَاتًا (9)	وَّ	جَعَلْنَا [8]
اور	ہم نے بنایا	تمہاری نیند (کو)	آرام	اور	ہم نے بنایا

الَّيْلَ [7]	لِبَاسًا [10] (10)	وَّ	جَعَلْنَا [8]	النَّهَارَ [7]	مَعَاشًا (11)
رات (کو)	لباس	اور	ہم نے بنایا	دن (کو)	وقتِ معاش

وَّ	بَنَيْنَا [8]	فَوْقَكُمْ [9]	سَبْعًا	شِدَادًا (12)
اور	ہم نے بنائے	تمہارے اُوپر	سات (آسمان)	مضبوط

وَّ	جَعَلْنَا [8]	سِرَاجًا [11]	وَّهَّاجًا (13)	وَّ
اور	ہم نے بنایا	ایک چراغ	بہت روشن	اور

اَنْزَلْنَا [8]	مِنَ الْمُعْصِرٰتِ [12]	مَآءً	ثَجَّاجًا (14)
ہم نے اُتارا	بدلیوں سے	پانی	خوب برسنے والا

لِنُخْرِجَ [13]	بِهٖ [14]	حَبًّا	وَّ	نَبَاتًا (15)
تاکہ ہم نکالیں	اُس کے ذریعے	غلّہ	اور	پودے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 عَمَّ دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے، مَا کے آخر سے "ا" کبھی تخفیف کے لیے حذف کیا جاتا ہے۔

2 علامت "تَ" اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

3 علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔

4 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

5 فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم پایا جاتا ہے۔

6 علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانے کا کیا جاتا ہے۔

7 فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

8 نا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

9 کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے کیا جاتا ہے۔

10 یعنی جس طرح لباس جسم کو چھپالیتا ہے اسی طرح رات اپنے اندھیرے اور سیاہی سے سب کو چھپالیتی ہے۔

11 اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

12 ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

13 فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

14 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اٰیَاتُھَا: 40	78 سُوْرَۃُ النَّبَا مَکِّیَّۃٌ 80	رُکُوْعَاتُھَا: 2

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عَمَّ	کس چیز کے بارے میں
یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿1﴾	وہ آپس میں سوال کر رہے ہیں۔ ﴿1﴾
عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ ﴿2﴾	(کیا) اس عظیم خبر کے بارے میں۔ ﴿2﴾
الَّذِیْ ھُمْ فِیْہِ مُخْتَلِفُوْنَ ﴿3﴾	جس (بارے) میں وہ اختلاف کرنے والے ہیں ﴿3﴾
کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾	ہرگز نہیں عن قریب وہ جان لیں گے۔ ﴿4﴾
ثُمَّ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ﴿5﴾	پھر ہرگز نہیں عن قریب وہ جان لیں گے۔ ﴿5﴾
اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِھٰدًا ﴿6﴾	کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟ ﴿6﴾
وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿7﴾	اور پہاڑوں کو میخیں؟ ﴿7﴾
وَّخَلَقْنٰکُمْ اَزْوَاجًا ﴿8﴾	اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا۔ ﴿8﴾
وَّجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتًا ﴿9﴾	اور ہم نے تمہاری نیند کو آرام (کا باعث) بنایا۔ ﴿9﴾
وَّجَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا ﴿10﴾	اور ہم نے رات کو لباس (پردہ) بنایا۔ ﴿10﴾
وَّجَعَلْنَا النَّھَارَ مَعَاشًا ﴿11﴾	اور ہم نے دن کو وقتِ معاش بنایا۔ ﴿11﴾
وَّبَنَیْنَا فَوْقَکُمْ	اور ہم نے بنائے تمہارے اُوپر
سَبْعًا شِدَادًا ﴿12﴾	سات مضبوط (آسمان)۔ ﴿12﴾
وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّھَّاجًا ﴿13﴾	اور ہم نے ایک بہت روشن چراغ بنایا۔ ﴿13﴾
وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ	اور ہم نے اُتارا بدلیوں سے
مَآءً ثَجَّاجًا ﴿14﴾	خوب برسنے والا پانی۔ ﴿14﴾
لِّنُخْرِجَ بِہٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿15﴾	تاکہ ہم اسکے ذریعے غلّہ اور پودے نکالیں۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بِسْمِ : بالکل، بالمقابل، بلاواسطہ۔
بِسْمِ : اسمِ گرامی، اسمائے حسنیٰ۔
الرَّحْمٰنِ : رحمٰن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِیْمِ : رحیم، رحمت، مرحوم۔
یَتَسَآءَلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
النَّبَاِ : نبی، انبیاء، نبوت۔
الْعَظِیْمِ : عظیم، اعظم، تعظیم، معظم۔
فِیْہِ : فی الحال، فی الفور۔
مُخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، مخالفت۔
سَیَعْلَمُوْنَ : علم، تعلیم، معلم، معلوم۔
الْاَرْضَ : کرہ ارض، اراضی۔
وَ : عفو و درگزر، رحم و کرم۔
الْجِبَالَ : جبلِ رحمت، جبلِ احد۔
خَلَقْنٰکُمْ : خالق، مخلوق، تخلیق۔
اَزْوَاجًا : زوجہ، ازواجِ مطہرات۔
وَ : شمس و قمر، شام و سحر۔
الَّیْلَ : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔
لِبَاسًا : لباس، ملبوس، ملبوسات
النَّھَارَ : لیل و نہار، نہار منہ۔
مَعَاشًا : معاش، معاشیات۔
بَنَیْنَا : بنایا، بناؤ، بنانا۔
فَوْقَکُمْ : فوقیت، مافوق الفطرت۔
سَبْعًا : اُسبوعی اجلاس۔
شِدَادًا : شدید، شدت، اشد۔
اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، نزلہ۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم۔
مَآءً : ماء الحیات، ماء اللحم۔
لِّنُخْرِجَ : خارج، خروج، اخراج۔
حَبًّا : حبہ حبہ، حبِّ مروارید۔
نَبَاتًا : نباتات، نباتی گرائپ واٹر۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	جَنّٰتٍ [1]	اَلْفَافًا ⑯ ط	اِنَّ	يَوْمَ الْفَصْلِ
اور	باغات	گھنے	بے شک	فیصلے کا دن

كَانَ [2]	مِيْقَاتًا ⑰ لا	يَّوْمَ	يُنْفَخُ [3]	فِي الصُّوْرِ
ہے	مقرّر وقت	(جس) دن	وہ پھونکا جائے گا	صور میں

فَتَاْتُوْنَ	اَفْوَاجًا ⑱ لا	وَّ	فُتِحَتِ [1][4][5]
تو تم سب چلے آؤ گے	فوج در فوج	اور	کھولا جائے گا

السَّمَآءُ	فَكَانَتْ [1][2]	اَبْوَابًا ⑲ لا	وَّ
آسمان	تو وہ ہو جائے گا	دروازے دروازے	اور

سُيِّرَتِ [1][4][5]	الْجِبَالُ	فَكَانَتْ [1][2]	سَرَابًا ⑳ ط
چلائے جائیں گے	پہاڑ	تو وہ ہو جائیں گے	سراب

اِنَّ	جَهَنَّمَ	كَانَتْ [1][2]	مِرْصَادًا ㉑ صلے	لِّلطّٰغِيْنَ
بے شک	جہنم	ہے	گھات کی جگہ	سرکشوں کے لیے

مَّاٰبًا ㉒ لا	لّٰبِثِيْنَ [6]	فِيْهَآ	اَحْقَابًا ㉓ ج	لَا
ٹھکانا	سب ٹھہرنے والے (ہیں)	اُس میں	مدّتوں	نہیں

يَذُوْقُوْنَ [7]	فِيْهَا	بَرْدًا [8][9]	وَّلَا	شَرَابًا [8][9] ㉔ لا
وہ سب چکھیں گے	اُس میں	کوئی ٹھنڈک	اور نہ	کوئی مشروب

اِلَّا	حَمِيْمًا	وَّ	غَسَّاقًا ㉕ لا	جَزَآءً
سوائے	کھولتے پانی	اور	بہتی پیپ (کے)	بدلہ (ہے)

وِّفَاقًا ㉖ ط	اِنَّهُمْ	كَانُوْا [2]	لَا يَرْجُوْنَ [7]
پورا پورا	بے شک وہ	تھے سب	نہیں وہ سب اُمید رکھتے

حِسَابًا [8][9] ㉗ لا	وَّ	كَذَّبُوْا [10]	بِاٰيٰتِنَا [11]	كِذَّابًا [10] ㉘ ط
کسی حساب (کی)	اور	اُن سب نے جھٹلا دیا	ہماری آیات کو	بالکل جھٹلا دینا

وَ	كُلَّ شَيْءٍ	اَحْصَيْنٰهُ [11][12]	كِتٰبًا ㉙ لا
اور	ہر چیز (کو)	ہم نے گھیر رکھا ہے اُسے	لکھ کر

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
2. کَانَ یا کَانَتْ کا اصل ترجمہ تھا، ہے یا تھی ہوتا ہے مستقبل میں ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔
3. اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
4. فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔
5. علامت تِ کو اگلے لفظ سے ملانے کیلئے اسے زیر دیتے ہیں۔
6. لّٰبِثِیْنَ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے جیسے کَاتِبِیْنَ، ظَالِمِیْنَ، کَافِرِیْنَ وغیرہ۔
7. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
8. فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
9. ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔
10. فعل کے درمیان شد میں کام کو اہتمام سے کرنے اور مبالغہ کا مفہوم ہے۔
11. نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
12. ہٗ فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے ساکن حرف ہو تو یہ ہٗ ہو جاتا ہے اور ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿16﴾	اور گھنے باغات۔ ﴿16﴾
اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ	بے شک فیصلے کا دن
كَانَ مِيْقَاتًا ﴿17﴾	ایک مقرر وقت ہے۔ ﴿17﴾
يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ	جس دن صور میں پھونکا جائے گا
فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿18﴾	تو تم چلے آؤ گے فوج در فوج۔ ﴿18﴾
وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ	اور کھولا جائے گا آسمان
فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿19﴾	تو وہ دروازے دروازے ہو جائے گا۔ ﴿19﴾
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ	اور پہاڑ چلائے جائیں گے
فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿20﴾	تو وہ سراب (کی طرح) ہو جائیں گے۔ ﴿20﴾
اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿21﴾	بے شک جہنم گھات کی جگہ ہے۔ ﴿21﴾
لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿22﴾	(جو) سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے۔ ﴿22﴾
لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿23﴾	(وہ) اس میں مدّتوں ٹھہرنے والے ہیں۔ ﴿23﴾
لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا	وہ اس میں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے
وَّلَا شَرَابًا ﴿24﴾	اور نہ کسی مشروب کا۔ ﴿24﴾
اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿25﴾	سوائے کھولتے پانی اور بہتی پیپ کے۔ ﴿25﴾
جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿26﴾	(یہ) بدلہ ہے پورا پورا۔ ﴿26﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ	بے شک وہ امید نہیں رکھتے تھے
حِسَابًا ﴿27﴾ وَّكَذَّبُوْا	کسی حساب (کتاب) کی۔ ﴿27﴾ اور انہوں نے جھٹلا دیا
بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿28﴾	ہماری آیات کو بالکل جھٹلا دینا۔ ﴿28﴾
وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿29﴾	اور ہر چیز کو ہم نے لکھ کر اُسے گھیر رکھا ہے۔ ﴿29﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
جَنّٰتٍ	جنت، جنت الفردوس۔
اَلْفَافًا	لفافہ، ملفوف، لف ہٰذا۔
يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آزادی۔
الْفَصْلِ	فیصلہ، فیصل تسلیم کرنا۔
مِيْقَاتًا	وقت، اوقات، میقات۔
يُنْفَخُ	نفخہ اولیٰ، نفّاخ، نفخ۔
فِي	فی الحال، فی الفور۔
الصُّوْرِ	صور پھونکنا۔
اَفْوَاجًا	فوج، افواج، فوجی۔
فُتِحَتِ	فتح، فاتح، افتتاح۔
السَّمَآءُ	ارض وسماء، کتب سماویہ۔
اَبْوَابًا	بابِ جنت، بابِ خیبر۔
سُيِّرَتِ	سیر وتفریح، سیّارہ۔
الْجِبَالُ	جبلِ رحمت، جبلِ احد۔
سَرَابًا	سراب۔
لِّلطّٰغِيْنَ	طغیانی، طاغوتی طاقتیں۔
فِيْهَا	فی الحال، فی الفور۔
لَا	لاتعداد، لاجواب، لامحدود۔
يَذُوْقُوْنَ	ذائقہ، خوش ذائقہ۔
شَرَابًا	مشروب، شربت۔
اِلَّا	اِلّاماشاءاللہ، اِلّا قلیل۔
جَزَآءً	جزاء وسزا، بہتر جزا۔
وِفَاقًا	وفاق، توفیق، موافق۔
يَرْجُوْنَ	اُمید ورجا، بیم ورجا۔
حِسَابًا	حساب وکتاب، محتسب۔
كَذَّبُوْا	کاذب، کذّاب، تکذیب۔
كُلَّ	کل نمبر، کل تعداد۔
شَيْءٍ	شئے، اشیائے خورد ونوش۔
كِتٰبًا	کتاب، کتب، مکتوب۔

ع 30 1

فَذُوْقُوْا	فَلَنْ [1]	نَّزِيْدَكُمْ [2]	اِلَّا	عَذَابًا (30)	
تو تم سب چکھو	پس ہرگز نہیں	ہم زیادہ کریں گے تمھیں	مگر	عذاب (میں)	
اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَفَازًا (31) لا	حَدَآئِقَ	وَ	
بے شک	پرہیز گاروں کے لیے	کامیابی (ہے)	باغات	اور	
اَعْنَابًا (32) لا	وَّ	كَوَاعِبَ	اَتْرَابًا (33) لا	وَّ	
انگور (ہیں)	اور	دوشیزائیں (ہیں)	ہم عمر	اور	
كَاْسًا	دِهَاقًا (34) ط	لَا	يَسْمَعُوْنَ [3]	فِيْهَا	
جام	بھرے ہوئے	نہیں	وہ سب سنیں گے	اُس میں	
لَغْوًا [4]	وَّلَا	كِذّٰبًا [4] (35) ج	جَزَآءً	مِّنْ رَّبِّكَ	
کوئی بیہودہ بات	اور نہ	کوئی جھوٹ	صلہ	تیرے رب سے	
عَطَآءً	حِسَابًا [5] (36) لا	رَّبِّ	السَّمٰوٰتِ [6]	وَ	
عطیہ	حساب سے	رب	آسمانوں (کا)	اور	
الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا [7]	الرَّحْمٰنِ	لَا	
زمین (کا)	اور جو	ان دونوں کے درمیان	بہت رحم کرنے والا	نہیں	
يَمْلِكُوْنَ [3]	مِنْهُ	خِطَابًا (37) ج	يَوْمَ	يَقُوْمُ [8]	
وہ سب اختیار رکھیں گے	اُس سے	بات کرنے (کا)	اُس دن	کھڑے ہوں گے	
الرُّوْحُ [9]	وَالْمَلٰٓئِكَةُ [10]	صَفًّا قلے	لَّا	يَتَكَلَّمُوْنَ [3]	
روح (الامین)	اور فرشتے	صف بنا کر	نہیں	وہ سب بات کر سکیں گے	
اِلَّا	مَنْ [11]	اَذِنَ	لَهُ [12]	الرَّحْمٰنُ	وَ
مگر	جسے	اجازت دے	اُس کو	رحمان	اور
قَالَ	صَوَابًا (38)	ذٰلِكَ [13]	الْيَوْمُ	الْحَقُّ ج	
وہ کہے	درست بات	(یہ) وہی	دن (ہے)	حق	
فَمَنْ [11]	شَآءَ	اتَّخَذَ [14]	اِلٰى رَبِّهٖ [15]	مَاٰبًا (39)	
پس جو	چاہے	وہ بنالے	اپنے رب کی طرف	ٹھکانا	

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل سے پہلے حرف لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔

[2] كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھیں کیا جاتا ہے۔

[3] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

[4] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

[5] حِسَابًا کا لفظ مبالغے کے لیے ہے یعنی اتنا بدلہ کہ جس سے زائد کی خواہش بھی نہ ہو۔

[6] ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے ،الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

[7] هُمَا کسی لفظ کے آخر میں تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتا ہے اور اس کا ترجمہ ان دونوں کیا جاتا ہے۔

[8] یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[9] روح سے مراد بعض مفسرین کے نزدیک اولادِ آدم ہے اور بعض مفسرین کے نزدیک جنابِ جبریل علیہ السلام ہیں ۔

[10] یہاں ةٌ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔

[11] مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔

[12] لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[13] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے

[14] یعنی اس دن کا آنا یقینی ہے اب اگر کوئی اپنی بھلائی چاہتا ہے تو اُسے چاہیے کہ وہ اچھی تیاری کرے تاکہ اُسے اچھا ٹھکانہ مل جائے۔

[15] ہٖ اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَ كُمْ	تو چکھو پس ہم تمہیں ہرگز زیادہ نہیں کریں گے
اِلَّا عَذَابًا ﴿30﴾ ع 1 30 1	مگر عذاب ہی میں۔ ﴿30﴾
اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿31﴾	بیشک پرہیز گاروں کے لیے کامیابی ہے۔ ﴿31﴾
حَدَآئِقَ وَ اَعْنَابًا ﴿32﴾	باغات اور انگور ہیں۔ ﴿32﴾
وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿33﴾	اور ہم عمر دوشیزائیں ہیں۔ ﴿33﴾
وَّ كَاْسًا دِهَاقًا ﴿34﴾	اور بھرے (چھلکتے) ہوئے جام ہیں۔ ﴿34﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا	وہ اس میں کوئی بے ہودہ بات نہیں سنیں گے
وَّلَا كِذّٰبًا ﴿35﴾	اور نہ کوئی جھوٹ (خرافات)۔ ﴿35﴾
جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً	(یہ) آپکے رب کی طرف سے صلہ ہے (ایسا) عطیہ
حِسَابًا ﴿36﴾	(جو) حساب سے (یعنی کافی ہو جانے والا) ہو گا۔ ﴿36﴾
رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	(جو) آسمانوں اور زمین کا رب ہے
وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، بہت رحم کرنے والا ہے
لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿37﴾	وہ اس سے بات کرنے کا اختیار نہیں رکھیں گے ﴿37﴾
يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ	جس دن کھڑے ہوں گے روح (الامین)
وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ	اور سب فرشتے صف بنا کر وہ بات نہیں کر سکیں گے
اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ	مگر (وہی) جس کو رحمان اجازت دے گا
وَقَالَ صَوَابًا ﴿38﴾	اور وہ درست بات کہے گا۔ ﴿38﴾
ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ	(یہ) وہی دن ہے (جو) حق ہے
فَمَنْ شَآءَ	پس جو چاہے
اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿39﴾	اپنے رب کی طرف ٹھکانا بنالے۔ ﴿39﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فَذُوْقُوْا	: ذائقہ، خوش ذائقہ۔
نَّزِيْدَ كُمْ	: زیادہ، زائد، مزید۔
اِلَّا	: الا قلیل، الا ماشاء اللہ۔
عَذَابًا	: عذابِ الٰہی، عذاب۔
لِلْمُتَّقِيْنَ	: متقی، پرہیز گار، تقویٰ۔
مَفَازًا	: فوز و فلاح، فائز ہونا۔
وَ	: شان و شوکت، رحم و کرم۔
كَاْسًا	: کاسۂ گدائی۔
لَا	: لاتعداد، لاعلم، لامحدود۔
يَسْمَعُوْنَ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت۔
فِيْهَا	: فی الحال، فی سبیل اللہ۔
لَغْوًا	: لغو باتیں، لغویات۔
كِذّٰبًا	: کاذب، کذّاب، تکذیب
جَزَآءً	: جزاء و سزا، جزائے خیر۔
مِّنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
عَطَآءً	: عطیہ، عطیات، عطا کرنا۔
حِسَابًا	: حساب، یوم حساب۔
السَّمٰوٰتِ	: ارض و سماء، کتب سماویہ
الْاَرْضِ	: کرہ ارض، قطعہ اراضی۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
بَيْنَهُمَا	: بین الاقوامی، بین السطور۔
الرَّحْمٰنِ	: رحمٰن، رحیم، رحمت۔
يَمْلِكُوْنَ	: مالک، ملکیت، املاک۔
خِطَابًا	: خطبہ، خطاب، خطیب۔
يَقُوْمُ	: قائم، قیام، قیام پاکستان۔
الرُّوْحُ	: روح الامین۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ۔
صَوَابًا	: واللہ اعلم بالصواب، صائب
اتَّخَذَ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اِلٰى	: رجوع الی اللہ، مرسل الیہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اِنَّآ [1]	اَنْذَرْنٰكُمْ [2]	عَذَابًا قَرِيْبًا ۚۙ	يَّوْمَ
بے شک ہم نے	ہم نے ڈرایا ہے تمھیں	قریبی عذاب	(اُس) دن

يَنْظُرُ [3]	الْمَرْءُ	مَا	قَدَّمَتْ [4]	يَدٰهُ [6][5]	وَ
دیکھ لے گا	ہر شخص	جو	آگے بھیجا	اُس کے دونوں ہاتھوں نے	اور

يَقُوْلُ [3]	الْكٰفِرُ	يٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	تُرٰبًا ع (40)
کہے گا	کافر	اے کاش میں	میں ہوتا	مٹی

ع 2/10

اٰيَاتُهَا: 46 — 79 سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ 81 — رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ [7]	النّٰزِعٰتِ [9][8]	غَرْقًا لا (1)	وَّ
قسم ہے	کھینچ لینے والے (فرشتوں کی)	ڈوب کر	اور

النّٰشِطٰتِ [9][8]	نَشْطًا [10] لا (2)	وَّ	السّٰبِحٰتِ [9][8]
گرہ کھول دینے والے	(نرمی سے) کھولنا	اور	تیرنے والے

سَبْحًا [10] لا (3)	فَالسّٰبِقٰتِ [9][8]	سَبْقًا [10] (4)
(تیزی سے) تیرنا	پھر سبقت لینے والے	دوڑ کر

فَالْمُدَبِّرٰتِ [8][11]	اَمْرًا [12] م (5)	يَوْمَ
پھر تدبیر کرنے والے	کسی کام کی	(جس) دن

وقف لازم

تَرْجُفُ [8]	الرَّاجِفَةُ [13][9][8] لا (6)	تَتْبَعُهَا [8]
کانپے گی	کانپنے والی	پیچھے آئے گی اُس کے

الرَّادِفَةُ [14][9][8] ط (7)	قُلُوْبٌ [12]	يَّوْمَئِذٍ	وَّاجِفَةٌ [9][8] لا (8)
پیچھے آنے والی	کچھ دِل	اُس دن	دھڑکنے والے

وقف لازم

اَبْصَارُهَا	خَاشِعَةٌ [8] م (9)	يَقُوْلُوْنَ	ءَ
اُن کی آنکھیں	جھکنے والی	وہ سب کہتے ہیں	کیا

اِنَّا [1]	لَمَرْدُوْدُوْنَ	فِي الْحَافِرَةِ [15][8] ط (10)
بے شک ہم	واقعی سب لوٹائے جانے والے	پہلی حالت میں؟

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون حذف ہے۔

[2] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[3] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[4] تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] اسم کے آخر میں کھڑی زبر جو کہ "ا" کے قائم مقام ہے میں دو ہونے کا مفہوم ہے

[6] ہٗ یا ہٖ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اس کا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔

[7] اسم کے شروع میں وَ ہو اور اس کے بعد والے اسم کے آخر میں زیر ہو تو اس وَ میں قسم ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] اسم کے آخر میں ۃ، اٰت اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[9] فَاعِلَاتٌ اور فَاعِلَةٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے

[10] وہ مصدر جو گزرے ہوئے فعل یا اسم کے روٹ سے ہو تو وہ عموماً تاکید کے لیے ہوتا ہے

[11] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[12] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] جب پہلا صور پھونکا جائے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

[14] یعنی جب دوسرا صور پھونکا جائے گا اور سب لوگ زندہ ہو کر قبروں سے نکل آئیں گے پہلے اور دوسرے صور کے درمیان 40 چالیس سال کا وقفہ ہوگا۔

[15] بعض مفسرین نے اَلْحَافِرَة سے قبر والی زمین بھی مراد لی ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اِنَّآ اَنۡذَرۡنٰكُمۡ عَذَابًا قَرِيۡبًا ۖۚ	بیشک ہم نے تمہیں قریبی عذاب سے ڈرایا ہے
يَّوۡمَ يَنۡظُرُ الۡمَرۡءُ مَا	اُس دن دیکھ لے گا ہر شخص (اُسے) جو
قَدَّمَتۡ يَدٰهُ وَيَقُوۡلُ الۡكٰفِرُ	اسکے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہوگا اور کافر کہے گا
يٰلَيۡتَنِىۡ كُنۡتُ تُرٰبًا ﴿40﴾ ع 10/2	اے کاش میں مٹی ہوتا۔ ﴿40﴾

اٰيَاتُهَا: 46 — 79 سُوۡرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ 81 — رُكُوۡعَاتُهَا: 2

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالنّٰزِعٰتِ	ان (فرشتوں) کی قسم (جو جان کو سختی سے) کھینچ لینے والے ہیں
غَرۡقًا ۙ﴿1﴾	ڈوب کر۔ ﴿1﴾
وَّالنّٰشِطٰتِ	اور (جو جان نکالتے ہوئے) گرہ کھول دینے والے ہیں
نَشۡطًا ۙ﴿2﴾	کھولنا (آسانی اور نرمی سے)۔ ﴿2﴾
وَّالسّٰبِحٰتِ سَبۡحًا ۙ﴿3﴾	اور (جو) تیرنے والے ہیں تیزی سے تیرنا۔ ﴿3﴾
فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۙ﴿4﴾	پھر (جو) سبقت لینے والے ہیں دوڑ کر۔ ﴿4﴾
فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۘ﴿5﴾ وقف لازم	پھر (جو) کسی کام کی تدبیر کرنے والے ہیں۔ ﴿5﴾
يَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ﴿6﴾	جس دن کانپے گی کانپنے والی (یعنی زمین)۔ ﴿6﴾
تَتۡبَعُهَا	پیچھے آئے گی اسکے
الرَّادِفَةُ ؕ﴿7﴾	پیچھے آنے والی (یعنی ایک اور زلزلہ آئے گا)۔ ﴿7﴾
قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ﴿8﴾	کئی دل اس دن دھڑکنے والے ہوں گے۔ ﴿8﴾
اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ﴿9﴾ وقف لازم	ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی۔ ﴿9﴾
يَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ	وہ کہتے ہیں کیا بیشک ہم واقعی لوٹائے جانے والے ہیں
فِى الۡحَافِرَةِ ؕ﴿10﴾	پہلی حالت میں ؟ ﴿10﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَذَابًا	عذاب قبر، عذاب جہنم۔
قَرِيۡبًا	قریب، قریبی، قربت۔
يَوۡمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
يَنۡظُرُ	نظر، منظر، مناظر۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
قَدَّمَتۡ	مقدم، تقدیم۔
يَدٰهُ	ید بیضاء، ید طولیٰ۔
وَ	اوّل و آخر، عفو و درگزر۔
يَقُوۡلُ	قول، اقوال، مقولہ۔
الۡكٰفِرُ	کفر، کافر، کفار۔
تُرٰبًا	تربت، تراب (مٹی)۔
بِسۡمِ	اسمِ گرامی، اسمائے حسنیٰ۔
الرَّحۡمٰنِ	رحمٰن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِيۡمِ	رحیم، رحمت، مرحوم۔
النّٰزِعٰتِ	حالتِ نزع۔
غَرۡقًا	غرق، غرقاب۔
فَالسّٰبِقٰتِ	سبقت، مسابقہ۔
فَالۡمُدَبِّرٰتِ	تدبیر، تدبّر، مدبّر۔
اَمۡرًا	امر، امور، امور خانہ۔
يَوۡمَ	یوم آزادی، ایّام۔
تَتۡبَعُهَا	اِتّباع، اِتّباعِ سنت۔
الرَّادِفَةُ	ردیف، مترادفات۔
قُلُوۡبٌ	قلب، قلبی تعلق۔
اَبۡصَارُهَا	بصارت، سمع و بصر۔
خَاشِعَةٌ	خشوع و خضوع۔
يَقُوۡلُوۡنَ	قول، اقوال، مقولہ۔
لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ	ردّ، مردود، مسترد۔
فِىۡ	فی الحال، فی الفور۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

ءَ	اِذَا [1]	كُنَّا [2]	عِظَامًا	نَّخِرَةً ۭ (11)	قَالُوْا [2]
کیا	جب	ہم ہو جائیں گے	ہڈیاں	بوسیدہ	وہ سب کہتے ہیں

وقف لازم

تِلْكَ [3]	اِذًا [1]	كَرَّةٌ	خَاسِرَةٌ ۘ (12)	فَاِنَّمَا [4]	هِيَ
یہ	اس وقت	لوٹنا	خسارے والا	پس بے شک صرف	وہ

زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ ۙ (13)	فَاِذَا [1]	هُمْ	بِالسَّاهِرَةِ ۭ (14) [5]	هَلْ
ڈانٹ	ایک	تو اچانک	وہ سب	میدان میں	کیا

وقف لازم

اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى ۘ (15)	اِذْ [1]	نَادٰىهُ [6]	رَبُّهٗ [6]
آئی ہے آپ کے پاس	بات	موسیٰ (کی)	جب	پکارا اُسے	اُسکے رب (نے)

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ [5]	طُوًى ۚ (16)	اِذْهَبْ [7]	اِلٰى فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ
مقدّس وادی میں	طویٰ	تو جا	فرعون کی طرف	بے شک وہ

طَغٰى ۖ (17)	فَقُلْ [8]	هَلْ	لَّكَ	اِلٰٓى	اَنْ
سرکش ہو گیا ہے	پس کہو	کیا (ہے)	تجھ کو	(اس) طرف (رغبت)	کہ

تَزَكّٰى ۙ (18) [9] [10]	وَ	اَهْدِيَكَ	اِلٰى رَبِّكَ	فَتَخْشٰى ۚ (19)
تو پاک ہو جائے	اور	میں راہنمائی دوں تجھے	تیرے رب کی طرف	پس تو ڈرے

فَاَرٰىهُ [6]	الْاٰيَةَ	الْكُبْرٰى ۖ (20)	فَكَذَّبَ	وَ
پھر اُس نے دکھائی اُسے	نشانی	بڑی	تو اُس نے جھٹلایا	اور

عَصٰى ۖ (21)	ثُمَّ	اَدْبَرَ	يَسْعٰى ۖ (22)	فَحَشَرَ
اُس نے نافرمانی کی	پھر	وہ پلٹا	وہ کوشش کرتا تھا	پھر اُس نے جمع کیا

فَنَادٰى ۖ (23)	فَقَالَ	اَنَا [11]	رَبُّكُمُ	الْاَعْلٰى ۖ (24) [12]
پس اُس نے پکارا	پھر اُس نے کہا	میں	تمہارا رب (ہوں)	سب سے اونچا

فَاَخَذَهُ [6]	اللّٰهُ	نَكَالَ الْاٰخِرَةِ	وَ	الْاُوْلٰى ۭ (25) [13]
تو پکڑ لیا اُسے	اللہ (نے)	آخرت کے عذاب میں	اور	دنیا (کے)

ع 1 26 3

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً [14]	لِّمَنْ	يَّخْشٰى ۧ (26)
بے شک	اِس میں	یقیناً عبرت (ہے)	(اس) کے لیے جو	وہ ڈرتا ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک کیا جاتا ہے اور اِذْ عموماً ماضی کے لیے آتا اور ترجمہ جب ہوتا ہے اور اِذًا کا ترجمہ تب یا اس وقت ہوتا ہے۔

2 یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً حال یا مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

3 تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

4 اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

5 بِ کا اصل ترجمہ سے، ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ میں کیا گیا ہے ۔

6 هٗ کا ترجمہ فعل کے آخر میں اسے اور اسم کے آخر میں ترجمہ اس کا، یا اپنا کیا جاتا ہے اور اگر اس سے پہلے الف یا جزم ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملانا ہو تو یہ صرف هُ ہو جاتا ہے۔

7 فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو، تو اس میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 قُلْ، قَوْلٌ سے بنا ہے و کو گرامر کے اصول کے مطابق گرا دیا گیا ہے ۔

9 تَزَكّٰى اصل میں تَتَزَكّٰى تھا تخفیف کے لیے ایک تَ کو گرایا گیا ہے۔

10 علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

11 اَنَا کے آخر میں ا پڑھنے میں نہیں آتا اسے اَنَ پڑھا جاتا ہے۔

12 اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے ۔

13 الْاُوْلٰى سے مراد پہلی زندگی ہے، اسی لیے ترجمہ دنیا کیا گیا ہے۔

14 لفظ کے شروع میں لَ کا ترجمہ یقیناً یا ضرور کیا جاتا ہے ۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ؕ (11)	کیا جب ہم بوسیدہ ہڈیاں ہو جائیں گے ؟ (11)
قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ (12) وقف لازم	کہتے ہیں یہ تو اس وقت خسارے والا لوٹنا ہو گا۔ (12)
فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ (13)	پس بیشک صرف وہ (تو) ایک ہی ڈانٹ ہو گی۔ (13)
فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ؕ (14)	تو یکا یک وہ سب میدان (حشر) میں ہونگے۔ (14)
هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ (15) وقف لازم	کیا آپ کے پاس موسیٰ کی بات آئی ہے۔ (15)
اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ	جب اسے اس کے رب نے پکارا
بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۚ (16)	مقدس وادی طویٰ میں۔ (16)
اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۖ (17)	جاؤ فرعون کی طرف بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے (17)
فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى	پس (اُسے) کہو کیا تجھے اس طرف (رغبت) ہے
اَنْ تَزَكّٰى ۙ (18) وَاَهْدِيَكَ	کہ تو پاک ہو جائے (18) اور میں تیری راہنمائی کروں
اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۚ (19)	تیرے رب کی طرف پس تو ڈر جائے۔ (19)
فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۖ (20)	پھر اس نے اسے بڑی نشانی (عصا یا ید بیضا) دکھائی۔ (20)
فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۖ (21)	تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔ (21)
ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۖ (22)	پھر پلٹا (اور تدبیریں کرنے کی) کوشش کرتا تھا۔ (22)
فَحَشَرَ فَنَادٰى ۖ (23)	پھر اس نے (سب کو) جمع کیا پس پکارا۔ (23)
فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۖ (24)	پھر کہا میں تمہارا سب سے اونچا رب ہوں۔ (24)
فَاَخَذَهُ اللّٰهُ	تو اسے اللہ نے پکڑ لیا
نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ؕ (25)	آخرت اور دنیا کے عذاب میں۔ (25)
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً	بے شک اس میں یقیناً عبرت ہے
لِّمَنْ يَّخْشٰى ؑ (26) ع 1 26 3	اس کے لئے جو ڈرتا ہے۔ (26)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قَالُوْا	: قول، اقوال، مقولہ۔
كَرَّةٌ	: مکرّر، تکرار۔
خَاسِرَةٌ	: خسارہ، خائب وخاسر۔
زَجْرَةٌ	: زجر و توبیخ۔
وَّاحِدَةٌ	: واحد، احد، موحّد، توحید۔
حَدِيْثُ	: حدیث نبوی، حدیث دل
نَادٰىهُ	: نداء، منادی۔
رَبُّهٗ	: رب، ربوبیّت۔
بِالْوَادِ	: وادیٔ کشمیر، وادیٔ نیلم۔
الْمُقَدَّسِ	: مقدّس، تقدّس، قدس۔
اِلٰى	: الداعی الی الخیر، مرسل الیہ
فِرْعَوْنَ	: فرعون، فرعونیت۔
طَغٰى	: طغیانی، طاغوت۔
فَقُلْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
تَزَكّٰى	: تزکیہ، تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
وَ	: شان و شوکت، رحم وکرم۔
اَهْدِيَكَ	: ہدایت، ہادیٔ برحق۔
فَتَخْشٰى	: خشیت الٰہی۔
فَاَرٰىهُ	: مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
الْاٰيَةَ	: آیت، آیات قرآنی۔
الْكُبْرٰى	: شفاعت کبریٰ، کبیرہ گناہ۔
فَكَذَّبَ	: کذب، کاذب، تکذیب۔
عَصٰى	: معصیت، غم عصیاں۔
اَدْبَرَ	: ادبارِ زمانہ، دُبر۔
يَسْعٰى	: سعی، مساعی جمیلہ۔
فَحَشَرَ	: حشر، میدان محشر۔
الْاَعْلٰى	: اعلیٰ، وزیر اعلیٰ، عالی مقام۔
فَاَخَذَهُ	: اخذ، مواخذہ، ماخوذ۔
لَعِبْرَةً	: عبرت، عبرت ناک۔
يَّخْشٰى	: خشیت الٰہی۔

ءَ [1]	اَنْتُمْ	اَشَدُّ [2]	خَلْقًا	اَمِ
کیا	تم	زیادہ سخت	پیدا کرنا	یا
السَّمَآءُ ط	بَنٰهَا (27) وقفة	رَفَعَ	سَمْكَهَا [3]	
آسمان	اُس نے بنایا ہے اُسے	اس نے بلند کیا	اُس کی چھت	
فَسَوّٰهَا [3] (28) لا	وَ	اَغْطَشَ	لَيْلَهَا [3]	وَ
پھر برابر کیا اُسے	اور	تاریک کر دیا	اُس کی رات	اور
اَخْرَجَ [4]	ضُحٰهَا [3] (29) ص	وَ	الْاَرْضَ	بَعْدَ ذٰلِكَ [5]
اُس نے نکالا	اُس کی روشنی	اور	زمین (کو)	اِس کے بعد
دَحٰهَا [3] (30) ط	اَخْرَجَ [4]	مِنْهَا	مَآءَهَا [3]	وَ
اُس نے بچھایا اُسے	اُس نے نکالا	اُس میں سے	اُس کا پانی	اور
مَرْعٰهَا [3] (31) ص	وَ	الْجِبَالَ	اَرْسٰهَا [6] (32) لا	مَتَاعًا
اُس کا چارا	اور	پہاڑوں (کو)	گاڑ دیا اُنہیں	فائدہ (ہے)
لَّكُمْ	وَ	لِاَنْعَامِكُمْ [7] (33) ط	فَاِذَا	جَآءَتِ [8]
تمہارے لیے	اور	تمہارے چوپاؤں کے لیے	پھر جب	آجائے گی
الطَّآمَّةُ [9]	الْكُبْرٰى [9] (34) صلے	يَوْمَ	يَتَذَكَّرُ [11][10]	
آفت	بہت بڑی	اُس دن	یاد کرے گا	
الْاِنْسَانُ	مَا	سَعٰى (35) لا	وَ	
انسان	جو	اُس نے کوشش کی	اور	
بُرِّزَتِ [8][12]	الْجَحِيْمُ	لِمَنْ	يَّرٰى [10] (36)	
ظاہر کر دی جائے گی	جہنم	(اس) کے لیے جو	دیکھتا ہے	
فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى (37) لا	وَ	اٰثَرَ
پس رہا وہ	جس نے	سرکشی کی	اور	اس نے ترجیح دی
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا [9] (38) لا	فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ	هِيَ الْمَاْوٰى [13] (39) ط	
دُنیوی زندگی (کو)	تو بے شک	جہنم	ہی (اسکا) ٹھکانا (ہے)	

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔

2 اَشَدُّ کے شروع میں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے یعنی کیا تمہیں پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کو؟

3 ھا فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

4 اَخْرَجَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: وہ اُترا سے اَنْزَلَ: اس نے اُتارا اور خَرَجَ: وہ نکلا سے اَخْرَجَ: اس نے نکالا۔

5 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

6 ھا کا ترجمہ اُنہیں کیا گیا ہے کیونکہ اِس سے پہلے پہاڑوں کا ذکر ہے جو کہ جمع ہیں اس لیے ترجمہ بھی جمع کے لحاظ سے کیا گیا ہے۔

7 کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

8 تِ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اُسے زیر دیتے ہیں۔

9 ۃ اور ـی دونوں اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

11 علامت تد اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

12 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔

13 ھِیَ کے بعد اَلْ ہو تو اس کا ملا کر ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا	کیا پیدا کرنے میں تم زیادہ سخت (مشکل) ہو
اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ﴿27﴾	یا آسمان؟ (کہ) اُسی نے اسے بنایا ہے۔ ﴿27﴾
رَفَعَ سَمْكَهَا	اس نے اُس کی چھت کو بلند کیا
فَسَوّٰىهَا ﴿28﴾	پھر اُسے برابر (ہموار) کیا۔ ﴿28﴾
وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا	اور اس کی رات کو تاریک کر دیا
وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿29﴾	اور اُس (کے دن) کی روشنی کو ظاہر کر دیا۔ ﴿29﴾
وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿30﴾	اور زمین کو اِسکے بعد اُسے اُس نے بچھا دیا۔ ﴿30﴾
اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا	اُس میں سے اُس کا پانی نکالا
وَمَرْعٰىهَا ﴿31﴾	اور اُس کا چارا (بھی)۔ ﴿31﴾
وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿32﴾	اور پہاڑوں کو، (کہ) اس نے انہیں گاڑ دیا۔ ﴿32﴾
مَتَاعًا لَّكُمْ	(ان سب میں) تمہارے لیے فائدہ ہے
وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿33﴾ فَاِذَا	اور تمہارے چوپاؤں کے لیے۔ ﴿33﴾ پھر جب
جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿34﴾	بہت بڑی آفت (یعنی قیامت) آجائے گی۔ ﴿34﴾
يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ	اس دن انسان یاد کرے گا
مَا سَعٰى ﴿35﴾	جو اس نے کوشش کی (یعنی اپنے کاموں کو)۔ ﴿35﴾
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ	اور جہنم ظاہر کر دی جائے گی
لِمَنْ يَّرٰى ﴿36﴾	(ہر) اس (شخص) کے لیے جو دیکھتا ہے۔ ﴿36﴾
فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿37﴾	پس رہا وہ جس نے سرکشی کی۔ ﴿37﴾
وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿38﴾	اور اس نے دنیوی زندگی کو ترجیح دی۔ ﴿38﴾
فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿39﴾	تو بے شک جہنم ہی (اسکا) ٹھکانا ہے۔ ﴿39﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَشَدُّ	:اشد، شدید، شدّت۔
خَلْقًا	:خالق، مخلوق، خلق خدا۔
السَّمَآءُ	:ارض وسماء، کتب سماویہ۔
بَنٰىهَا	:بنایا، بنانا۔
رَفَعَ	:رفعت، سطح مرتفع۔
فَسَوّٰىهَا	:مساوی، مساوات۔
وَ	:شان وشوکت، رحم وکرم۔
لَيْلَهَا	:لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
اَخْرَجَ	:خارج، اخراج، خروج۔
ضُحٰىهَا	:صلوٰۃ الضحٰی۔
الْاَرْضَ	:ارض وسماء، قطعہ اراضی۔
بَعْدَ	:بعد از نماز، بعد از طعام۔
مِنْهَا	:منجانب، من جملہ۔
مَآءَهَا	:ماء الحیات، ماء اللحم۔
الْجِبَالَ	:جبل رحمت، جبل احد۔
مَتَاعًا	:متاعِ عزیز، مال ومتاع۔
لِاَنْعَامِكُمْ	:عوام کالانعام۔
الْكُبْرٰى	:کُبریٰ، کبار علمائے کرام۔
يَوْمَ	:یوم، ایام، یوم آخرت۔
يَتَذَكَّرُ	:تذکرہ، ذکر، تذکیر۔
الْاِنْسَانُ	:انسان، انسانیت۔
مَا	:ماتحت، ماحول، ماجرا۔
سَعٰى	:سعی، سعی لاحاصل۔
لِمَنْ	:لہٰذا، الحمد للہ۔
يَرٰى	:مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
طَغٰى	:طغیانی، طاغوت۔
اٰثَرَ	:ایثار وقربانی۔
الْحَيٰوةَ	:حیات، موت وحیات۔
الدُّنْيَا	:دنیاوآخرت، دنیادار۔
الْمَاْوٰى	:ملجاوماوی۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	اَمَّا [1]	مَنْ	خَافَ	مَقَامَ رَبِّهٖ
اور	رہا وہ	جو	ڈر گیا	اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے

وَ	نَهَى	النَّفْسَ	عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾
اور	اُس نے روکا	نفس (کو)	خواہش سے

فَاِنَّ	الْجَنَّةَ	هِيَ الْمَاْوٰى [2] ﴿41﴾	يَسْـَٔلُوْنَكَ
تو بے شک	جنت	وہی (اسکا) ٹھکانا ہے	وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے

عَنِ السَّاعَةِ [3]	اَيَّانَ [4]	مُرْسٰهَا ﴿42﴾	فِيْمَ [5]
قیامت کے بارے میں	کب ہے	اُس کا واقع ہونا	کس (خیال) میں (ہیں)

اَنْتَ	مِنْ ذِكْرٰهَا [6] ﴿43﴾	اِلٰى رَبِّكَ	مُنْتَهٰهَا ﴿44﴾
آپ	اُس کے ذکر سے؟	آپ کے رب کی طرف	اُس کی انتہا (ہے)

اِنَّمَآ [7]	اَنْتَ	مُنْذِرُ [8]	مَنْ	يَّخْشٰهَا ﴿45﴾
بے شک صرف	تو	ڈرانے والا	جو	وہ ڈرتا ہے اُس سے

كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ	يَرَوْنَهَا	لَمْ	يَلْبَثُوْٓا
گویا کہ وہ	(جس) دن	وہ دیکھیں گے اُس کو	نہیں	وہ سب ٹھہرے

اِلَّا	عَشِيَّةً [10] [9]	اَوْ	ضُحٰىهَا [10] ﴿46﴾
مگر	ایک شام	یا	اُس کی صبح

ع 2 20 4

اٰيَاتُهَا: 42 | 80 سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ 24 | رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ	وَ	تَوَلّٰٓى [11] ﴿1﴾	اَنْ	جَآءَهُ
اُس نے تیوری چڑھائی	اور	منہ پھیر لیا	کہ	آیا ہے اُس کے پاس

الْاَعْمٰى ﴿2﴾	وَ	مَا	يُدْرِيْكَ [12]	لَعَلَّهٗ
نابینا	اور	کیا	جانیں آپ	شاید وہ

يَزَّكّٰىٓ [13] ﴿3﴾	اَوْ	يَذَّكَّرُ [13]	فَتَنْفَعَهُ	الذِّكْرٰى [14] ﴿4﴾
وہ پاک ہو جاتا	یا	وہ نصیحت حاصل کرتا	تو نفع دیتی اُسے	نصیحت

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اَمَّا اس علامت کا ترجمہ لیکن، مگر وہ، رہا وہ کیا جاتا ہے۔

[2] هِيَ کے بعد اَلْ ہو تو اس کا ملا کر ترجمہ ہی یا وہی کیا گیا ہے۔

[3] عَنْ کا ترجمہ کبھی سے کبھی کے بارے میں اور کبھی کے متعلق کیا جاتا ہے۔

[4] اَيَّانَ یہ علامت کسی کام کا وقت دریافت کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے اور اس کا ترجمہ کب کیا جاتا ہے۔

[5] فِيْمَ اصل میں فِيْمَا تھا، مَا کے آخر سے "ا" کو تخفیف کیلیے حذف کیا گیا ہے۔

[6] یعنی آپ کو اسکے بارے میں یقینی علم نہیں ہے لہٰذا آپ کا اس کو بیان کرنے سے کیا فائدہ۔

[7] اِنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو اِس میں تاکید کیساتھ صرف کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے

[8] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[9] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

[10] عَشِيَّةً سے مراد دن کا پچھلا حصہ اور ضُحٰهَا سے مراد دن کا پہلا حصہ ہے۔

[11] علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[12] مَا يُدْرِيْكَ کا اصل ترجمہ کس چیز نے آپ کو کو خبر دی ہے اور یہاں علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[13] يَزَّكّٰى دراصل يَتَزَكّٰى اور يَذَّكَّرُ دراصل يَتَذَكَّرُ تھا تَ کو ذ اور ز بدل کر مدغم کیا گیا ہے

[14] مفسرین کا اتفاق ہے کہ یہ آیات عبداللہ بن ام مکتوم نابینا صحابی کے بارے میں اتریں جو اشراف قریش کی موجودگی میں نبی ﷺ کے پاس آئے تھے۔

وَ اَمَّا مَنْ	اور رہا وہ جو
خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ	اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈر گیا
وَ نَهَى النَّفْسَ	اور اس نے (اپنے) نفس کو روک لیا
عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾	(بری) خواہش سے۔ ﴿40﴾
فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿41﴾	تو بے شک جنت ہی (اس کا) ٹھکانا ہے۔ ﴿41﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ	وہ (کافر) آپ سے سوال کرتے ہیں
عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿42﴾	قیامت کے بارے میں اُسکا واقع ہونا کب ہے؟ ﴿42﴾
فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿43﴾	آپ اُسکے ذکر سے کس (خیال) میں ہیں؟ ﴿43﴾
اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿44﴾	آپکے رب کی طرف (ہی) اُس (کے علم) کی انتہا ہے ﴿44﴾
اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ	بے شک آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں
مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿45﴾	(اسے) جو اُس (قیامت) سے ڈرتا ہے۔ ﴿45﴾
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا	گویا کہ وہ (کافر) جس دن اس کو دیکھیں گے
لَمْ يَلْبَثُوْٓا	(وہ سمجھیں گے کہ) وہ (دنیا میں) نہیں ٹھہرے
ع 2 20 4 اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿46﴾	مگر ایک شام یا اس کی صبح۔ ﴿46﴾

اٰیَاتُهَا: 42 | 80 سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ 24 | رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿1﴾	اس نے تیوری چڑھائی اور منہ پھیر لیا۔ ﴿1﴾
اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿2﴾	کہ اس کے پاس ایک نابینا آیا ہے۔ ﴿2﴾
وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿3﴾	اور آپ کیا جانیں شاید وہ پاک ہو جاتا۔ ﴿3﴾
اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿4﴾	یا وہ نصیحت حاصل کرتا تو اُسے نصیحت نفع دیتی ﴿4﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: شام و سحر، شان و شوکت۔
خَافَ	: خوف، خائف، بے خوف۔
مَقَامَ	: قیام، مقام، مقیم۔
رَبِّهٖ	: ربوبیت، رب کائنات۔
نَهٰى	: نہی عن المنکر، منہیات۔
النَّفْسَ	: نفس، نفسا نفسی۔
الْجَنَّةَ	: جنت، جنت الفردوس۔
الْمَاْوٰى	: ملجاء وماوٰی۔
يَسْـَٔلُوْنَكَ	: سوال، سائل، مسئول۔
فِيْمَ	: فی الحال، فی الفور۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
ذِكْرٰىهَا	: ذکر، تذکرہ، مذکور۔
اِلٰى	: رجوع الی اللہ، مرسل الیہ
رَبِّكَ	: رب، ربِّ کائنات۔
مُنْتَهٰىهَا	: منتہا، انتہائے سحر۔
يَّخْشٰىهَا	: خشیت الٰہی۔
يَوْمَ	: یوم آخرت، یوم حساب۔
يَرَوْنَهَا	: رؤیت، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
اِلَّا	: اِلّاماشاء اللہ، اِلّا قلیل۔
عَشِيَّةً	: نماز عشاء، عشائیہ۔
ضُحٰىهَا	: صلاۃ الضحٰی۔
بِسْمِ	: بالکل، بالمقابل، بلاواسطہ
بِسْمِ	: اسم گرامی، اسمائے حسنٰی۔
الرَّحْمٰنِ	: رحمٰن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِيْمِ	: رحیم، رحمت، مرحوم۔
وَ	: خیر و عافیت، رحم و کرم۔
يَزَّكّٰى	: تزکیہ، تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
يَذَّكَّرُ	: ذکر، اذکار۔
فَتَنْفَعَهُ	: نفع، منافع، منفعت۔
الذِّكْرٰى	: تذکیر، ذکر و نصیحت۔

اَمَّا	مَنِ [1]	اسْتَغْنٰى (5)	فَاَنْتَ	لَهٗ
رہا وہ	جو	بے پرواہو گیا	تو آپ	اُس کے لیے

تَصَدّٰى [2] (6)	وَ	مَا	عَلَيْكَ	اَلَّا [3]
پوری توجہ کرتے ہیں	حالانکہ	نہیں ہے	آپ پر	کہ نہیں

يَزَّكّٰى [4] (7)	وَ	اَمَّا	مَنْ [1]	جَآءَكَ
وہ پاک ہوتا	اور	رہا وہ	جو	آیا آپ کے پاس

يَسْعٰى (8)	وَ	هُوَ	يَخْشٰى (9)	فَاَنْتَ
وہ دوڑتا ہوا	اور	وہ	وہ ڈرتا ہے	تو آپ

عَنْهُ	تَلَهّٰى [2] (10)	كَلَّآ [5]	اِنَّهَا
اُس سے	بالکل بے رخی کرتے ہیں	ہرگز نہیں	بے شک یہ

تَذْكِرَةٌ [7] [6] (11)	فَمَنْ [1]	شَآءَ	ذَكَرَهٗ [8] (12)
ایک نصیحت (ہے)	تو جو	چاہے	یاد رکھے اُسے

وقف لازم

فِيْ صُحُفٍ	مُّكَرَّمَةٍ [6] (13)	مَّرْفُوْعَةٍ [6]	مُّطَهَّرَةٍ [6] (14)
صحیفوں میں	عزت والے	بلند مرتبہ	پاکیزہ

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ [9] (15)	كِرَامٍ	بَرَرَةٍ [9] (16)	قُتِلَ [10]	الْاِنْسَانُ
لکھنے والوں کے ہاتھوں میں	معزز	نیکوکار	مارا جائے	انسان

مَآ [11]	اَكْفَرَهٗ (17)	مِنْ اَيِّ شَيْءٍ [12] [1]	خَلَقَهٗ [8] (18)
کس قدر	ناشکرا ہے وہ	کس چیز سے	اُس نے پیدا کیا ہے اُسے

مِنْ نُّطْفَةٍ [1] [6] [7]	خَلَقَهٗ [8]	فَقَدَّرَهٗ (19)	ثُمَّ
ایک نطفے سے	اُس نے پیدا کیا اُسے	پھر اُس نے اندازہ لگایا اُس کا	پھر

السَّبِيْلَ	يَسَّرَهٗ [13] [14] (20)	ثُمَّ	اَمَاتَهٗ [8]
راستہ	آسان کر دیا اُس کے لیے	پھر	اس نے موت دی اُسے

فَاَقْبَرَهٗ [8] (21)	ثُمَّ	اِذَا	شَآءَ [15]	اَنْشَرَهٗ [8] (22)
پھر قبر میں لے گیا اُسے	پھر	جب	وہ چاہے گا	زندہ کر کے اُٹھائے گا اُسے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور مِنْ کا ترجمہ سے، میں سے کیا جاتا ہے۔

2 یہ تَتَصَدّٰی اور تَتَلَهّٰی تھا تخفیف کے لیے ایک تَ گر گئی ہے اور تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

3 اَلَّا دراصل اَنْ+لَا کا مجموعہ ہے۔

4 یعنی اس کے پاکیزہ نہ بننے سے آپ کا کوئی حرج نہیں اور يَزَّكّٰى دراصل يَتَزَكّٰى تَ کو ز سے بدل کر ز میں ادغام کیا گیا ہے۔

5 كَلَّا یہ لفظ تنبیہ کرنے اور جھڑکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

6 ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

7 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

8 هٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔

9 سَفَرَةٍ اور بَرَرَةٍ کے آخر میں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ ة جمع کے لیے استعمال ہوئی ہے۔

10 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا یا کیا جائے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 کبھی مَا اظہار تعجب کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جس کا ترجمہ کس قدر کیا جاتا ہے مَا اَكْفَرَهٗ کا ایک ترجمہ کس چیز نے اُسے ناشکرا بنا دیا ہے بھی کیا جاتا ہے۔

12 اَيُّ اس کا ترجمہ کس یا کون کیا جاتا ہے۔

13 هٗ کا ترجمہ یہاں ضرورتاً اسکے لیے کیا گیا ہے۔

14 یعنی اس کے لیے خیر اور شر کا راستہ واضح کر دیا گیا ہے۔

15 اِذَا کے بعد فعل ماضی کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿5﴾ لا	رہا وہ جو بے پرواہ ہو گیا۔ ﴿5﴾
فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿6﴾ ط	تو آپ اسکے لیے توپوری توجہ کرتے ہیں۔ ﴿6﴾
وَمَا عَلَيْكَ	حالانکہ آپ پر (کوئی ذمہ داری) نہیں ہے
اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿7﴾ ط	کہ وہ پاک نہیں ہوتا۔ ﴿7﴾
وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿8﴾ لا	اور رہا وہ جو آپ کے پاس دوڑتا ہوا آیا۔ ﴿8﴾
وَهُوَ يَخْشٰى ﴿9﴾ لا	اور وہ (اللہ سے) ڈرتا ہے۔ ﴿9﴾
فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿10﴾ ج	تو آپ اس سے بالکل بے رخی کرتے ہیں۔ ﴿10﴾
كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿11﴾ ج	ہرگز نہیں بیشک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے۔ ﴿11﴾
فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿12﴾ م	توجو چاہے اسے یاد رکھے (یعنی اس سے نصیحت حاصل کرے)۔ ﴿12﴾
فِىْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿13﴾ لا	(وہ لکھا ہوا ہے) عزت والے صحیفوں میں۔ ﴿13﴾
مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿14﴾ لا	(جو) بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں۔ ﴿14﴾
بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ﴿15﴾ لا	(وہ ایسے) لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ ﴿15﴾
كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿16﴾ ط	(جو) معزز (اور) نیکو کار ہیں۔ ﴿16﴾
قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿17﴾ ط	مارا جائے انسان وہ کس قدر ناشکرا ہے۔ ﴿17﴾
مِنْ اَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ ﴿18﴾ ط	اُس نے کس چیز سے اُسے پیدا کیا ہے؟۔ ﴿18﴾
مِنْ نُّطْفَةٍ ط خَلَقَهٗ	ایک نطفے سے، اُس نے اُسے پیدا کیا
فَقَدَّرَهٗ ﴿19﴾ لا	پھر اُس نے اُس کا اندازہ مقرر کیا۔ ﴿19﴾
ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿20﴾ لا	پھر اُس کا راستہ آسان کر دیا۔ ﴿20﴾
ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿21﴾ لا	پھر اُسے موت دی پھر اُسے قبر میں لے گیا ﴿21﴾
ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿22﴾ ط	پھر جب وہ چاہے گا اُسے اُٹھا کھڑا کرے گا۔ ﴿22﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اسْتَغْنٰى	: مستغنی ہونا، استغناء۔
عَلَيْكَ	: علی الاعلان، علی العموم۔
اَلَّا	: لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
يَزَّكّٰى	: تزکیہ، تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
وَ	: شان وشوکت، رحم وکرم۔
يَسْعٰى	: سعی، مساعی جمیلہ۔
يَخْشٰى	: خشیت الٰہی۔
تَذْكِرَةٌ	: ذکر، اذکار، تذکرہ۔
شَآءَ	: ماشاءاللہ، مشیّت۔
فِىْ	: فی الحال، مافی الضمیر۔
صُحُفٍ	: صحیفہ، مصحف، صحائف۔
مُكَرَّمَةٍ	: مکرم، تکریم، اکرام۔
مَرْفُوْعَةٍ	: رفعت وبلندی، اَرفع واعلیٰ۔
مُطَهَّرَةٍ	: ازواجِ مطہّرات۔
بِاَيْدِىْ	: ید طولیٰ، ید بیضاء۔
كِرَامٍ	: مکرم، مہمانان کرام۔
بَرَرَةٍ	: بِرّ، اَبرار۔
قُتِلَ	: قتل، قاتل، مقتول۔
الْاِنْسَانُ	: انسان، انسانیت۔
اَكْفَرَهٗ	: کفرانِ نعمت۔
مِنْ	: منجانب، من وعن۔
شَىْءٍ	: شئے، اشیائے خوردونوش۔
خَلَقَهٗ	: خالق، تخلیق، مخلوق۔
نُّطْفَةٍ	: نطفہ۔
فَقَدَّرَهٗ	: تقدیر، مقدار، مقدّر۔
السَّبِيْلَ	: فی سبیل اللہ۔
يَسَّرَهٗ	: میسّر۔
اَمَاتَهٗ	: موت، میّت، اموات۔
فَاَقْبَرَهٗ	: قبر، قبور، قبرستان۔
اَنْشَرَهٗ	: حشر ونشر، میدان محشر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

كَلَّا	لَمَّا [1]	يَقْضِ [2]	مَآ	اَمَرَهٗ [3] ط (23)
ہرگز نہیں	ابھی نہیں	پورا کیا اُس نے	جو	اس نے حکم دیا اُسے

فَلْيَنْظُرِ [4]	الْاِنْسَانُ	اِلٰى طَعَامِهٖٓ [3] لا (24)	اَنَّا [5]
تو چاہیے کہ وہ دیکھے	انسان	اپنے کھانے کی طرف	کہ بے شک ہم

صَبَبْنَا [6]	الْمَآءَ [7]	صَبًّا [8] لا (25)	ثُمَّ	شَقَقْنَا [6]
ہم نے برسایا	پانی	(خوب) برسانا	پھر	ہم نے پھاڑا

الْاَرْضَ [7]	شَقًّا [8] لا (26)	فَاَنْۢبَتْنَا [6]	فِيْهَا
زمین (کو)	(اچھی طرح) پھاڑنا	پھر ہم نے اُگایا	اُس میں

حَبًّا لا (27)	وَّ	عِنَبًا	وَّ	قَضْبًا لا (28)	وَّ
اناج	اور	انگور	اور	ترکاری	اور

زَيْتُوْنًا	وَّ	نَخْلًا لا (29)	وَّ	حَدَآئِقَ
زیتون	اور	کھجور کے درخت	اور	باغات

غُلْبًا لا (30)	وَّ	فَاكِهَةً [9]	وَّاَبًّا لا (31)	مَّتَاعًا	لَّكُمْ
گھنے	اور	پھل	اور چارا	فائدہ (ہے)	تمہارے لیے

وَ	لِاَنْعَامِكُمْ [10] ط (32)	فَاِذَا	جَآءَتِ [11]
اور	تمہارے چوپاؤں کے لیے	پھر جب	آجائے گی

الصَّآخَّةُ [9] ز (33)	يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ
کان بہرہ کر دینے والی	(اُس) دن	بھاگے گا	آدمی

مِنْ اَخِيْهِ [3] لا (34)	وَ	اُمِّهٖ [3]	وَ	اَبِيْهِ [3] لا (35)
اپنے بھائی سے	اور	اپنی ماں	اور	اپنے باپ (سے)

وَ	صَاحِبَتِهٖ [3]	وَ	بَنِيْهِ [3] ط (36)	لِكُلِّ امْرِئٍ
اور	اپنی بیوی	اور	اپنے بیٹوں (سے)	ہر شخص کے لیے

مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَاْنٌ [12]	يُّغْنِيْهِ [3] ط (37)
اُن میں سے	اُس دن	ایک حالت	وہ بے پروا کر دے گی اُسے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لَمَّا کے بعد فعل میں کام نہ کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اور اس میں بات کرتے وقت تک کی نفی ہوتی ہے۔

2 یہاں ضرور تاً یَ کا ترجمہ وہ کی بجائے اُس نے کیا گیا ہے۔

3 هٗ یا هٖ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا یا اپنا ہوتا ہے اور اگر هٗ یا هٖ سے پہلے سکون ہو تو یہ هُ یا هِ سے بدل جاتے ہیں۔

4 وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

5 اَنَّا دراصل اَنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون حذف ہے۔

6 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

7 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

8 اگر فعل کے بعد اُسی روٹ سے مصدر ہو تو اُس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب یا اچھی طرح کیا گیا ہے۔

9 ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

11 اِذَا کے بعد فعل ماضی کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے، اور تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اُسے زیر دیتے ہیں۔

12 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ	ہرگز نہیں ابھی اُس نے (وہ کام) پورا نہیں کیا
مَآ اَمَرَهٗ ؕ (23)	جو (اللہ نے) اُسے حکم دیا۔ (23)
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ	تو چاہیے کہ انسان دیکھے
اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۙ (24)	اپنے کھانے کی طرف۔ (24)
اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۙ (25)	کہ بیشک ہم نے پانی برسایا خوب برسانا۔ (25)
ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۙ (26)	پھر ہم نے زمین کو پھاڑا اچھی طرح پھاڑنا۔ (26)
فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۙ (27)	پھر ہم نے اُس میں اَناج اُگایا۔ (27)
وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۙ (28)	اور انگور اور ترکاری۔ (28)
وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۙ (29)	اور زیتون اور کھجور کے درخت۔ (29)
وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ (30)	اور گھنے باغات۔ (30)
وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۙ (31)	اور پھل اور چارا۔ (31)
مَّتَاعًا لَّكُمْ	فائدہ ہے تمہارے لیے
وَلِاَنْعَامِكُمْ ؕ (32)	اور تمہارے چوپاؤں کے لیے۔ (32)
فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۫ (33)	پھر جب کان بہرہ کر دینے والی (قیامت) آجائیگی (33)
يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۙ (34)	اس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔ (34)
وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۙ (35)	اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے۔ (35)
وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ؕ (36)	اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے۔ (36)
لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ	اُن میں سے ہر شخص کے لیے
يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ	اُس دن ایک (ایسی) حالت ہو گی
يُّغْنِيْهِ ؕ (37)	(جو دوسرں سے) اسے بے پروا کر دے گی۔ (37)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يَقْضِ: قضاء، قضائے الٰہی۔
مَآ: ماحول، ماتحت، ماجرا
اَمَرَهٗ: امر، آمر، امور، مامور۔
فَلْيَنْظُرْ: نظر، نِظارہ، منظر۔
الْاِنْسَانُ: انسان، انسانیت۔
اِلٰى: الداعی الی الخیر، مرسل الیہ
طَعَامِهٖ: طعام، قیام وطعام۔
الْمَآءَ: ماء اللحم، ماء الحیات۔
شَقَقْنَا: شقِ صدر، واقعہ شقِ قمر۔
الْاَرْضَ: کرۂ ارض، ارض وسما۔
فَاَنْۢبَتْنَا: نباتُ الارض، نباتات۔
فِيْهَا: فی الحال، فی الفور۔
حَبًّا: حب مروارید، حبہ حبہ۔
وَّ: شام وسحر، عفو ودرگزر۔
زَيْتُوْنًا: زیتون۔
نَخْلًا: نخلستان۔
مَّتَاعًا: متاع، مال ومتاع۔
لِاَنْعَامِكُمْ: عوام کالانعام۔
يَوْمَ: یوم، ایام، یوم آخرت۔
يَفِرُّ: مفر، مفرور، راہ فرار۔
مِنْ: منجانب، من حیث القوم۔
اَخِيْهِ: اُخوّت، اِخوانُ المسلمین۔
اُمِّهٖ: اُمُّ المومنین۔
اَبِيْهِ: آباء واجداد، ابّو۔
صَاحِبَتِهٖ: صاحب، بیگم صاحبہ۔
بَنِيْهِ: ابنائے جامعہ، ابن قاسم۔
لِكُلِّ: لہٰذا، الحمد للہ۔
لِكُلِّ: کل نمبر، کل کائنات۔
شَاْنٌ: شان وشوکت، ذیشان۔
يُّغْنِيْهِ: غنی، مستغنی، استغناء۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وُجُوْهٌ [1]	يَّوْمَئِذٍ	مُّسْفِرَةٌ [2][3] لا (38)	ضَاحِكَةٌ [3]	مُّسْتَبْشِرَةٌ [2][3] ج (39)
کچھ چہرے	اُس دن	چمکنے والے (ہونگے)	ہنسنے والے	بہت خوش ہونے والے

وَ	وُجُوْهٌ [1]	يَّوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا	غَبَرَةٌ [3] لا (40)	تَرْهَقُهَا [4]
اور	کچھ چہرے	اُس دن	اُن پر	غبار (ہوگا)	ڈھانپتی ہوگی اُن کو

ع 1 42 5

قَتَرَةٌ [3] ط (41)	اُولٰٓئِكَ [5]	هُمُ الْكَفَرَةُ [6][7]	الْفَجَرَةُ [7] ع (42)
سیاہی	وہی (لوگ)	ہی کافر	نافرمان (ہیں)

اٰيَاتُهَا: 29 — 81 سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ 7 — رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا [8]	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ [3][9] صلے (1)	وَاِذَا [8]	النُّجُوْمُ
جب	سورج	لپیٹ دیا جائے گا	اور جب	ستارے

انْكَدَرَتْ [3] صلے (2)	وَاِذَا [8]	الْجِبَالُ	سُيِّرَتْ [3][9] صلے (3)	وَاِذَا [8]
بے نور ہو جائیں گے	اور جب	پہاڑ	چلائے جائیں گے	اور جب

الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ [3][9] صلے (4)	وَاِذَا [8]	الْوُحُوْشُ
دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں	بے کار چھوڑ دی جائیں گی	اور جب	جنگلی جانور

حُشِرَتْ [3][9] صلے (5)	وَاِذَا [8]	الْبِحَارُ	سُجِّرَتْ [3][9] صلے (6)	وَاِذَا [8]
اکٹھے کیے جائیں گے	اور جب	سمندر	بھڑکائے جائیں گے	اور جب

النُّفُوْسُ	زُوِّجَتْ [3][9] صلے (7)	وَاِذَا [8]	الْمَوْءٗدَةُ [3][10]
جانیں (روحیں)	ملا دی جائیں گی	اور جب	زندہ دفن کی جانے والی

سُئِلَتْ [3][9] صلے (8)	بِاَيِّ ذَنْۢبٍ [11]	قُتِلَتْ [3][9] ج (9)	وَاِذَا [8]
پوچھی جائے گی	کس گناہ کے بدلے	وہ قتل کی گئی	اور جب

الصُّحُفُ	نُشِرَتْ [3][9] صلے (10)	وَاِذَا [8]	السَّمَآءُ
اعمال نامے	پھیلائے جائیں گے	اور جب	آسمان

كُشِطَتْ [12][3][9] صلے (11)	وَاِذَا [8]	الْجَحِيْمُ	سُعِّرَتْ [3][9] صلے (12)
اس کی کھال اُتار دی جائے گی	اور جب	جہنم	بھڑکائی جائے گی

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔

2 اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

3 ة اسم کے اور تْ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

4 تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

5 اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہوتا ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے، قرآن مجید میں عموماً بات میں زور پیدا کرنے کیلئے اشارہ بعید استعمال ہوتا ہے۔

6 هُمُ کے بعد اسم کے شروع میں الْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

7 الْكَفَرَةُ اور الْفَجَرَةُ کے آخر میں ة یہاں جمع کیلئے ہے۔

8 اِذَا کا ترجمہ جب اور اس کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

9 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں اِذَا کے بعد مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

10 "وَأَدَ" زندہ دفن کرنے کو کہتے ہیں اور الْمَوْءٗدَةُ وہ جسے زندہ دفن کیا گیا ہو جیسے ظلم سے مظلوم جس پر ظلم کیا گیا ہو وغیرہ۔

11 بِـ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

12 اس سے مراد بعض مفسرین نے یہ لیا ہے کہ آسمان کو اس کی جگہ سے ہٹا دیا جائے گا یا لپیٹ دیا جائے گا۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿38﴾ لا
کچھ چہرے اس دن چمکنے والے ہونگے۔ ﴿38﴾

ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿39﴾ ج
ہنسنے والے بہت خوش (ہونگے)۔ ﴿39﴾

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿40﴾ لا
اور کچھ چہرے اس دن ان پر غبار ہوگا۔ ﴿40﴾

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿41﴾ ط
ان کو سیاہی ڈھانپتی ہوگی۔ ﴿41﴾

ع 1 42 5
أُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿42﴾ ع
وہ لوگ ہی کافر (اور) نافرمان ہیں۔ ﴿42﴾

اٰيَاتُهَا: 29 | 81 سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ 7 | رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿1﴾ صلے
جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔ ﴿1﴾

وَإِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿2﴾ صلے
اور جب ستارے بے نور ہو جائیں گے۔ ﴿2﴾

وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿3﴾ صلے
اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔ ﴿3﴾

وَإِذَا الْعِشَارُ
اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں

عُطِّلَتْ ﴿4﴾ صلے
بے کار چھوڑ دی جائیں گی۔ ﴿4﴾

وَإِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ﴿5﴾ صلے
اور جب جنگلی جانور اکٹھے کیے جائیں گے۔ ﴿5﴾

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ﴿6﴾ صلے
اور جب سمندر بھڑکائے جائیں گے۔ ﴿6﴾

وَإِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿7﴾ صلے
اور جب روحیں (بدنوں سے) ملادی جائیں گی۔ ﴿7﴾

وَإِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿8﴾ صلے
اور جب زندہ دفن کی گئی (لڑکی) سے پوچھا جائےگا۔ ﴿8﴾

بِأَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ﴿9﴾ ج
(کہ) کس گناہ کے بدلے وہ قتل کی گئی۔ ﴿9﴾

وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿10﴾ صلے
اور جب اعمال نامے پھیلائے (کھولے) جائینگے ﴿10﴾

وَإِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ﴿11﴾ صلے
اور جب آسمان کی کھال اُتار دی جائے گی۔ ﴿11﴾

وَإِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ﴿12﴾ صلے
اور جب جہنم بھڑکائی جائے گی۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وُجُوْهٌ : وجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
يَّوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
ضَاحِكَةٌ : مضحکہ خیز، تضحیک آمیز۔
مُّسْتَبْشِرَةٌ : بشارت۔
وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان۔
غَبَرَةٌ : غبار، گردوغبار۔
الْكَفَرَةُ : کفر، کافر، کفار، تکفیر۔
الْفَجَرَةُ : فاجر، فاسق وفاجر۔
بِسْمِ : بالکل، بالمقابل، بالمشافہہ۔
بِسْمِ : اسم گرامی، اسمائے حسنیٰ۔
الرَّحْمٰنِ : رحمٰن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِيْمِ : رحیم، رحمت، مرحوم۔
الشَّمْسُ : شمس وقمر، شمسی توانائی۔
النُّجُوْمُ : نجم، نجومی، علم نجوم۔
الْجِبَالُ : جبل رحمت، جبل احد۔
سُيِّرَتْ : سیر وتفریح۔
الْعِشَارُ : عشرہ مبشرہ۔
عُطِّلَتْ : معطّل، تعطیل، تعطیلات۔
الْوُحُوْشُ : وحشی جانور، وحشیانہ۔
حُشِرَتْ : حشر ونشر، میدان حشر۔
الْبِحَارُ : بحروبر، بحیرہ عرب۔
النُّفُوْسُ : نفس، نفسا نفسی۔
زُوِّجَتْ : امتزاج۔
سُئِلَتْ : سوال، سائل، مسئول۔
قُتِلَتْ : قتل، قاتل، مقتول۔
الصُّحُفُ : صحیفہ، صحائف، مصحف۔
نُشِرَتْ : نشر، ناشر، نشریات۔
السَّمَآءُ : ارض وسما، کتب سماویہ۔

وَ	اِذَا [1]	الْجَنَّةُ [2]	اُزْلِفَتْ [2][3] ﴿13﴾
اور	جب	جنّت	قریب لائی جائے گی

عَلِمَتْ [2]	نَفْسٌ	مَّآ [4]	اَحْضَرَتْ [2] ﴿14﴾
جان لے گی	ہر جان	جو	(عمل) اس نے حاضر کیا (لے کر آئی)

فَلَآ [5]	اُقْسِمُ	بِالْخُنَّسِ [6][7] ﴿15﴾	الْجَوَارِ [7]
پس نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	پیچھے ہٹنے والوں کی	چلنے والوں

الْكُنَّسِ [7] ﴿16﴾	وَ	الَّيْلِ	اِذَا [1]	عَسْعَسَ ﴿17﴾
چھپ جانے والوں (کی)	اور	رات (کی)	جب	وہ جانے لگتی ہے

وَ	الصُّبْحِ	اِذَا [1]	تَنَفَّسَ [8] ﴿18﴾	اِنَّهٗ
اور	صبح (کی)	جب	وہ سانس لیتی ہے	بے شک یہ

لَقَوْلُ [9]	رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ ﴿19﴾	ذِيْ قُوَّةٍ [10]
یقیناً بات (ہے)	رسول (کی)	عزت والے	قوت والا

عِنْدَ	ذِي الْعَرْشِ [10]	مَكِيْنٍ ﴿20﴾	مُّطَاعٍ [11]
نزدیک	عرش والے (کے)	بہت مرتبے والا (ہے)	(وہ) جس کی بات مانی جائے

ثَمَّ [12]	اَمِيْنٍ ﴿21﴾	وَ	مَا [4]	صَاحِبُكُمْ
وہاں	امانت دار (ہے)	اور	نہیں	تمہارا ساتھی

بِمَجْنُوْنٍ [13] ﴿22﴾	وَ	لَقَدْ	رَاٰهُ [14]
ہرگز دیوانہ	اور	بلاشبہ یقیناً	اُس نے دیکھا اُسے

بِالْاُفُقِ [6]	الْمُبِيْنِ ﴿23﴾	وَ	مَا [4]	هُوَ
کنارے پر	واضح	اور	نہیں	وہ

عَلَى الْغَيْبِ	بِضَنِيْنٍ [13] ﴿24﴾	وَ	مَا [4]	هُوَ
غیب پر	ہرگز بخیل	اور	نہیں	وہ

بِقَوْلِ [13]	شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿25﴾	فَاَيْنَ	تَذْهَبُوْنَ ﴿26﴾
ہرگز کلام	کسی شیطان مردود (کا)	پھر کہاں	تم سب جا رہے ہو؟

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں اور کبھی حال میں بھی کیا جاتا ہے۔

[2] لفظ کے آخر میں ۃ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے لیکن اِذَا کے بعد یہاں مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

[4] مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[5] بعض مفسرین نے اس لَا کو زائد کہا ہے اس لیے اس کا ترجمہ نہیں کیا۔

[6] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[7] الْخُنَّسِ خَانِسٌ کی الْجَوَارِ جَارِيَةٌ کی اور الْكُنَّسِ كَانِسٌ کی جمع ہے اور ان سے مراد پانچ سیارے زحل، مشتری، مریخ، زہرہ اور عطارد ہیں یا پھر عام ستارے مراد ہیں۔

[8] علامت تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[9] شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[10] ذِیْ اور ذُوْ واحد مذکر، ترجمہ والا اور ذَاتِ واحد مؤنث کے لیے، ترجمہ والی کیا جاتا ہے۔

[11] مُطِيْعٌ کا ترجمہ اطاعت کرنے والا اور مُطَاعٌ جس کی اطاعت کی جائے۔

[12] ثَمَّ کا ترجمہ وہاں، اُدھر یا اُس جگہ اور ثُمَّ کا ترجمہ پھر کیا جاتا ہے۔

[13] مَا کے بعد علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

[14] نبی ﷺ نے ابتدائے نبوت میں جبریل علیہ السلام کو انکی اصلی شکل میں دیکھا تھا یہاں وہی مراد ہے۔

وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ﴿13﴾	اور جب جنّت قریب لائی جائے گی۔ ﴿13﴾
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿14﴾	ہر جان جان لے گی جو اس نے حاضر کیا۔ ﴿14﴾
فَلَآ اُقْسِمُ	پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں
بِالْخُنَّسِ ﴿15﴾	پیچھے ہٹنے والوں (یعنی ستاروں) کی۔ ﴿15﴾
الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿16﴾	(جو) چلنے والے چھپ جانے والے ہیں ﴿16﴾
وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ﴿17﴾	اور رات کی (قسم) جب وہ جانے لگے۔ ﴿17﴾
وَالصُّبْحِ	اور صبح کی (قسم)
اِذَا تَنَفَّسَ ﴿18﴾	جب وہ سانس لینے لگے (یعنی نمودار ہو)۔ ﴿18﴾
اِنَّهٗ لَقَوْلُ	بے شک یہ (قرآن) یقیناً بات ہے
رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿19﴾	عزت والے رسول کی (زبان سے نکلی ہوئی)۔ ﴿19﴾
ذِیْ قُوَّةٍ	(جو) قوت والا ہے
عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿20﴾	عرش والے کے نزدیک بڑے مرتبے والا ہے۔ ﴿20﴾
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿21﴾	وہاں اسکی بات مانی جاتی ہے امانت دار ہے۔ ﴿21﴾
وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿22﴾	اور تمہارا ساتھی بالکل دیوانہ نہیں ہے۔ ﴿22﴾
وَلَقَدْ رَاٰهُ	اور یقیناً اُس نے اُسے دیکھا (یعنی جبریل کو)
بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿23﴾	(آسمان کے) واضح کنارے پر۔ ﴿23﴾
وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿24﴾	اور وہ غیب (کی باتوں) پر ہرگز بخیل نہیں ہے۔ ﴿24﴾
وَمَا هُوَ	اور نہیں ہے وہ
بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿25﴾	ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام۔ ﴿25﴾
فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿26﴾	(تو) پھر تم کہاں جا رہے ہو۔؟ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
الْجَنَّةُ	جنت، جنت الفردوس
عَلِمَتْ	علم، تعلیم، معلوم۔
نَفْسٌ	نفس، نفسا نفسی۔
مَآ	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اَحْضَرَتْ	حاضر، حاضری، حُضور۔
فَلَآ	لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
اُقْسِمُ	قسم، قسمیں۔
الْجَوَارِ	جاری وساری، اِجراء۔
الَّيْلِ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
الصُّبْحِ	صبح وشام، اوقات صبح
تَنَفَّسَ	نظام تنفس، نفسا نفسی۔
لَقَوْلُ	قول، اقوال، مقولہ۔
رَسُوْلٍ	رسول، رسالت، مرسل۔
كَرِيْمٍ	کرم، اکرام، مکرم، تکریم۔
ذِیْ	ذی شان، ذی وقار۔
قُوَّةٍ	قوت، قوی، طاقت وقوت۔
عِنْدَ	عند اللہ، عند الناس۔
الْعَرْشِ	عرش الٰہی، عرش وفرش۔
مُطَاعٍ	مطیع، اطاعت۔
اَمِيْنٍ	امانت، صادق وامین۔
صَاحِبُكُمْ	صاحب، صحابی، صحابہ کرام۔
بِمَجْنُوْنٍ	مجنون، جنون۔
بِالْاُفُقِ	اُفق، آفاق۔
الْمُبِيْنِ	بیان، مُبیّنہ طور پر۔
عَلَى	علی الاعلان، علی العموم۔
الْغَيْبِ	علم غیب، غیبی امداد۔
بِقَوْلِ	قول، اقوال، مقولہ۔
شَيْطٰنٍ	شیطان ملعون۔
رَّجِيْمٍ	رجم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

[1] اِنۡ	هُوَ	اِلَّا	[2] ذِكۡرٌ	لِّلۡعٰلَمِيۡنَ (27) لا	لِمَنۡ
نہیں	وہ	مگر	ایک نصیحت	تمام جہانوں کیلیے	(اُس) کیلیے جو

شَآءَ	مِنۡكُمۡ	اَنۡ	يَّسۡتَقِيۡمَ (28) ط	[3] وَمَا	تَشَآءُوۡنَ
چاہے	تم میں سے	کہ	وہ سیدھا چلے	اور نہیں	تم سب چاہتے

ع 1 29 6

اِلَّآ	اَنۡ	[4] يَّشَآءَ اللّٰهُ	رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ (29)
مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	(جو کہ) سب جہانوں کا رب (ہے)

اٰيَاتُهَا: 19 — 82 سُوۡرَةُ الۡاِنۡفِطَارِ مَكِّيَّةٌ 82 — رُكُوۡعُهَا: 1

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

[5] اِذَا	السَّمَآءُ	[6] انۡفَطَرَتۡ (1) لا	[5] وَاِذَا	الۡكَوَاكِبُ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور جب	ستارے

[6] انۡتَثَرَتۡ (2) لا	وَ	[5] اِذَا	الۡبِحَارُ	[7][6] فُجِّرَتۡ (3) لا
جھڑ جائیں گے	اور	جب	سمندر	پھاڑ دیے جائیں گے

[5] وَاِذَا	الۡقُبُوۡرُ	[7][6] بُعۡثِرَتۡ (4) لا	[6] عَلِمَتۡ	نَفۡسٌ
اور جب	قبریں	اُلٹ دی جائیں گی	جان لے گی	(ہر) جان

[3] مَّا	[6] قَدَّمَتۡ	وَ	[6] اَخَّرَتۡ (5) ط	[8] يٰۤاَيُّهَا
جو	اُس نے آگے بھیجا	اور	اُس نے پیچھے چھوڑا	اے

الۡاِنۡسَانُ	[3] مَا	[9] غَرَّكَ	[9][10] بِرَبِّكَ الۡكَرِيۡمِ (6) لا
انسان	کس (نے)	دھوکے میں ڈالا تجھے	اپنے کرم کرنے والے رب کے بارے میں

الَّذِيۡ	[9] خَلَقَكَ	[11][9] فَسَوّٰكَ	[11][9] فَعَدَلَكَ (7) لا
جس نے	پیدا کیا تجھے	پھر درست کیا تجھے	پھر متناسب بنایا تجھے

[12][6] فِيۡۤ اَيِّ صُوۡرَةٍ مَّا	شَآءَ	[9] رَكَّبَكَ (8) ط	[13] كَلَّا
جس صورت میں	چاہا	جوڑ دیا تجھے	ہرگز نہیں

بَلۡ	تُكَذِّبُوۡنَ	[14] بِالدِّيۡنِ (9) لا
بلکہ	تم سب جھٹلاتے ہو	جزا کو

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِنۡ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

2 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

3 مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

4 یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

5 اِذَا کا ترجمہ جب اور اس کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

6 ةٌ اور تۡ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔

7 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں ترجمہ کیا گیا اور اِذَا کی وجہ سے ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔

8 یَا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔

9 كَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے اور اسم کے آخر میں ترجمہ تمہارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

10 بِ کا اصل ترجمہ سے، ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کے بارے میں کیا گیا ہے۔

11 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

12 اَيِّ اور مَا دونوں کو ملا کر ترجمہ جس کیا گیا ہے، بعض مفسرین نے مَا زائد قرار دیا ہے البتہ اس کی وجہ سے صُوۡرَةٍ کے نکرہ ہونے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو گیا ہے یعنی جس جس شکل میں چاہا۔

13 كَلَّا یہ لفظ تنبیہ کرنے اور جھڑکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ عموماً ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔

14 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿27﴾	وہ (قرآن) جہانوں کیلیے نصیحت کے سوا کچھ نہیں۔ ﴿27﴾
لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ	اس کے لیے جو تم میں سے چاہے
اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿28﴾	کہ وہ سیدھا چلے۔ ﴿28﴾
وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ	اور تم نہیں چاہتے مگر
اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ	یہ کہ اللہ چاہے
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿29﴾ ع 1 29 6	(جو) سب جہانوں کا رب ہے۔ ﴿29﴾

اٰيَاتُهَا: 19 — 82 سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ 82 — رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿1﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔ ﴿1﴾
وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿2﴾	اور جب ستارے جھڑ جائیں گے۔ ﴿2﴾
وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿3﴾	اور جب سمندر پھاڑ دیے جائیں گے۔ ﴿3﴾
وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿4﴾	اور جب قبریں اُلٹ دی جائیں گی۔ ﴿4﴾
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا	ہر جان جان لے گی جو
قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿5﴾	اُس نے آگے بھیجا اور (جو) پیچھے چھوڑا۔ ﴿5﴾
يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ	اے انسان کس (چیز) نے تجھے دھوکے میں ڈالا
بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿6﴾	اپنے کرم کرنے والے رب کے بارے میں؟ ﴿6﴾
الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ	جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے درست کیا
فَعَدَلَكَ ﴿7﴾	پھر تجھے متناسب بنایا (برابر کیا)۔ ﴿7﴾
فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿8﴾	جس صورت میں اس نے چاہا تجھے جوڑ دیا۔ ﴿8﴾
كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿9﴾	ہرگز نہیں بلکہ تم جزا کو جھٹلاتے ہو۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اِلَّا	: اِلّاماشاءاللہ، اِلّا قلیل۔
ذِكْرٌ	: ذکر، تذکیر۔
الْعٰلَمِيْنَ	: عالمِ کفر، اقوامِ عالم۔
لِمَنْ	: لِهٰذا، الحمدللہ
شَآءَ	: ماشاءاللہ، مشیتِ الٰہی۔
مِنْكُمْ	: منجانب، من حیث القوم۔
يَّسْتَقِيْمَ	: استقامت، مستقیم۔
رَبُّ	: ربّ، ربوبیت۔
السَّمَآءُ	: ارض وسما، کتبِ سماویہ۔
وَ	: شام وسحر، خوش وخرم۔
الْكَوَاكِبُ	: کوکب، کواکب۔
الْبِحَارُ	: بحر وبر، بحیرۂ عرب۔
الْقُبُوْرُ	: قبر، قبور، قبرستان۔
عَلِمَتْ	: علم، تعلیم، معلوم، مُعلّم۔
نَفْسٌ	: نفس، نفسا نفسی۔
مَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
قَدَّمَتْ	: مقدّم، مقدّمہ، تقدیم۔
وَ	: شب وروز، عفو ودرگزر۔
اَخَّرَتْ	: مؤخر، تاخیر، آخری۔
الْاِنْسَانُ	: انسان، انسانیت۔
غَرَّكَ	: غرور۔
الْكَرِيْمِ	: کرم، کریم، اکرام۔
خَلَقَكَ	: خلق، خالق، مخلوق۔
فَسَوّٰىكَ	: مساوی، مساوات۔
فَعَدَلَكَ	: عدل، معتدل، اعتدال۔
فِيْۤ	: فی الحال، فی سبیل اللہ۔
صُوْرَةٍ	: صورت، مصور، تصویر۔
رَكَّبَكَ	: مرکّب، ترکیب۔
بَلْ	: بلکہ۔
تُكَذِّبُوْنَ	: کذب، کاذب، تکذیب۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے بھی ہوتا ہے۔

[2] اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے، جس کا ترجمہ بے شک، بلاشبہ، یقیناً، درحقیقت کیا جاتا ہے۔

[3] شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[4] مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[5] لہٰذا یہ نہ سمجھو کہ تمہارا کوئی عمل ریکارڈ میں نہیں آئے گا اور تم سزا سے بچ جاؤ گے۔

[6] علامت بِ سے پہلے اُسی جملے میں اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

[7] مَا اَدْرٰىكَ کا اصل ترجمہ کس چیز نے آپ کو معلوم کروایا ہے۔

[8] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[9] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔

[10] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

[11] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] عَلٰى کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں پر ضرورتاً سے کیا گیا ہے۔

[13] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[14] ایک حدیث کے مطابق ناپ تول میں کمی کرنے والی قوم پر قحط سالی اور ظالم حکمران مسلط کر دیے جاتے ہیں (ابن ماجہ)۔

[15] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ [1]	اِنَّ [2]	عَلَيْكُمْ	لَحٰفِظِيْنَ [3] ۙ﴿10﴾	كِرَامًا
حالانکہ	بے شک	تم پر	یقیناً سب نگرانی کرنے والے (ہیں)	عزت والے

كَاتِبِيْنَ ۙ﴿11﴾	يَعْلَمُوْنَ	مَا [4]	تَفْعَلُوْنَ [5] ﴿12﴾	اِنَّ [2]
سب لکھنے والے	وہ سب جانتے ہیں	جو	تم سب کرتے ہو	بے شک

الْاَبْرَارَ	لَفِيْ نَعِيْمٍ [3] ۚ﴿13﴾	وَاِنَّ [2]	الْفُجَّارَ	لَفِيْ جَحِيْمٍ [3] ۖ﴿14﴾
نیک (لوگ)	یقیناً بڑی نعمت میں	اور بیشک	نافرمان	یقیناً جہنم میں (ہونگے)

يَّصْلَوْنَهَا	يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿15﴾	وَمَا [4]	هُمْ	عَنْهَا
وہ سب داخل ہونگے اُس میں	بدلے کے دن	اور نہیں	وہ سب	اُس سے

بِغَآئِبِيْنَ [6] ؕ﴿16﴾	وَمَآ [4]	اَدْرٰىكَ [7]	مَا [4]	يَوْمُ الدِّيْنِ ۙ﴿17﴾	ثُمَّ
ہرگز سب غائب ہونے والے	اور کیا	جانیں آپ	کیا (ہے)	بدلے کا دن	پھر

مَآ [4]	اَدْرٰىكَ [7]	مَا [4]	يَوْمُ الدِّيْنِ ؕ﴿18﴾	يَوْمَ	لَا تَمْلِكُ [8]
کیا	جانیں آپ	کیا	بدلے کا دن	(اُس) دن	نہیں اختیار رکھے گی

ع 19 1 7

نَفْسٌ [9]	لِّنَفْسٍ [10] [9]	شَيْـًٔا ؕ	وَالْاَمْرُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ [10] ع﴿19﴾
کوئی جان	کسی (دوسری) جان کے لیے	کچھ بھی	اور حکم	اُس دن	اللہ کا (ہوگا)

اٰيَاتُهَا: 36 — 83 سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ 86 — رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِيْنَ [10] [11] ۙ﴿1﴾	الَّذِيْنَ	اِذَا
ہلاکت (ہے)	ماپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے	(وہ لوگ) جو	جب

اكْتَالُوْا	عَلَى النَّاسِ [12]	يَسْتَوْفُوْنَ ۙ﴿2﴾	وَ
سب ماپ کرلیں	لوگوں سے	وہ سب پورا پورا لیتے ہیں	اور

اِذَا	كَالُوْهُمْ [13]	اَوْ	وَّزَنُوْهُمْ [13]
جب	وہ سب ماپ کردیں اُنہیں	یا	سب تول کردیں اُنہیں

يُخْسِرُوْنَ [14] ؕ﴿3﴾	اَ	لَا	يَظُنُّ [15]	اُولٰٓئِكَ
وہ سب کم دیتے ہیں	کیا	نہیں	سمجھتے	یہ (لوگ)

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ۙ﴿10﴾	حالانکہ بیشک تم پر یقیناً نگران (مقرر) ہیں۔ ﴿10﴾
كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ۙ﴿11﴾	(جو) بہت عزت والے، لکھنے والے ہیں۔ ﴿11﴾
يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿12﴾	وہ (اسے) جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔ ﴿12﴾
اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِىۡ نَعِيۡمٍ ۚ﴿13﴾	بیشک نیک لوگ یقیناً بڑی نعمت (جنت) میں ہونگے۔ ﴿13﴾
وَاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِىۡ جَحِيۡمٍ ۖ﴿14﴾	اور بے شک نافرمان یقیناً جہنم میں ہونگے۔ ﴿14﴾
يَّصۡلَوۡنَهَا يَوۡمَ الدِّيۡنِ ﴿15﴾	وہ بدلے کے دن اُس میں داخل ہونگے۔ ﴿15﴾
وَمَا هُمۡ عَنۡهَا بِغَآئِبِيۡنَ ؕ﴿16﴾	اور وہ اُس سے ہرگز غائب ہونے والے نہیں ہیں ﴿16﴾
وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ ۙ﴿17﴾	اور آپ کیا جانیں بدلے کا دن کیا ہے۔ ﴿17﴾
ثُمَّ مَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ ؕ﴿18﴾	پھر آپ کیا جانیں بدلے کا دن کیا ہے۔ ﴿18﴾
يَوۡمَ لَا تَمۡلِكُ نَفۡسٌ	اُس دن کوئی نفس اختیار نہیں رکھے گا
لِّنَفۡسٍ شَيۡـئًا ؕ	کسی (دوسرے) نفس کے لیے کچھ بھی
وَالۡاَمۡرُ يَوۡمَٮِٕذٍ لِّلّٰهِ ﴿19﴾ ع 19	اور اس دن حکم (صرف) اللہ ہی کا ہوگا۔ ﴿19﴾

اٰيَاتُهَا: 36 — 83 سُوۡرَةُ الۡمُطَفِّفِيۡنَ مَكِّيَّةٌ 86 — رُكُوۡعُهَا: 1

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِيۡنَ ۙ﴿1﴾	ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے ہلاکت ہے ﴿1﴾
الَّذِيۡنَ اِذَا اكۡتَالُوۡا عَلَى النَّاسِ	وہ لوگ جو جب ناپ کرلیں لوگوں سے
يَسۡتَوۡفُوۡنَ ۙ﴿2﴾	(تو) پورا پورا لیتے ہیں۔ ﴿2﴾
وَاِذَا كَالُوۡهُمۡ	اور جب وہ انہیں ناپ کر دیں
اَوْ وَّزَنُوۡهُمۡ يُخۡسِرُوۡنَ ؕ﴿3﴾	یا انہیں تول کر دیں (تو) کم دیتے ہیں۔ ﴿3﴾
اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓـئِكَ	کیا یہ لوگ نہیں سمجھتے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلَيۡكُمۡ	علی الاعلان، علی العموم۔
لَحٰفِظِيۡنَ	حفاظت، محفوظ، محافظ۔
كِرَامًا	محترم ومکرم، علمائے کرام۔
كَاتِبِيۡنَ	کاتب، کتابت، مکتوب۔
يَعۡلَمُوۡنَ	فعل، فاعل، مفعول۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تَفۡعَلُوۡنَ	فعل، فاعل، افعال۔
الۡاَبۡرَارَ	برّ، ابرار۔
لَفِىۡ	فی الحال، فی الفور۔
نَعِيۡمٍ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
وَ	شام وسحر، خیر وعافیت۔
الۡفُجَّارَ	فاسق وفاجر، فسق وفجور۔
يَوۡمَ	یوم آخرت، یوم حساب۔
بِغَآئِبِيۡنَ	علم غیب، غیبی امداد۔
لَا	لاتعداد، لاجواب، لامحالہ۔
تَمۡلِكُ	مالک، ملکیت، املاک۔
نَفۡسٌ	نفس، نفسا نفسی۔
لِّنَفۡسٍ	الحمدللہ، لہٰذا۔
شَيۡـئًا	شے، اشیائے خوردنی۔
الۡاَمۡرُ	امر، مامور، امور خانہ۔
بِسۡمِ	بالکل، بالمقابل، بلاواسطہ۔
بِسۡمِ	اسم گرامی، اسمائے حسنیٰ۔
الرَّحۡمٰنِ	رحمن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِيۡمِ	رحیم، رحمت، مرحوم۔
عَلَى	علی الاعلان، علی العموم۔
النَّاسِ	عوام النّاس، عامۃ الناس۔
وَّزَنُوۡهُمۡ	وزن، اوزان، میزان۔
يُخۡسِرُوۡنَ	خسارہ، خائب وخاسر۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
يَظُنُّ	ظن، بدظن، حسن ظن۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اَنَّهُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ [1][2] لا (4)	لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ [3] لا (5)	يَّوْمَ
کہ بے شک وہ	سب اُٹھائے جانے والے	بڑے دن کے لیے	(جس) دن

يَقُوْمُ [4]	النَّاسُ [5]	لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ [6] ط (6)	كَلَّآ [7]	اِنَّ
کھڑے ہوں گے	لوگ	سب جہانوں کے رب کے سامنے	ہرگز نہیں	بے شک

كِتٰبَ الْفُجَّارِ	لَفِيْ سِجِّيْنٍ [8][3] ط (7)	وَ	مَآ اَدْرٰكَ [9]
نافرمانوں کا اعمال نامہ	یقیناً سجین میں (ہے)	اور	آپ کیا جانیں

مَا [9]	سِجِّيْنٌ [8] ط (8)	كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ [1] ط (9)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
کیا (ہے)	سجین	ایک کتاب	لکھی ہوئی	ہلاکت (ہے)	اُس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ [10][3] لا (10)	الَّذِيْنَ	يُكَذِّبُوْنَ	بِيَوْمِ الدِّيْنِ ط (11)
سب جھٹلانے والوں کے لیے	(وہ لوگ) جو	وہ سب جھٹلاتے ہیں	جزا کے دن کو

وَمَا [9]	يُكَذِّبُ [4]	بِهٖٓ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ [10][11]
اور نہیں	جھٹلاتا ہے	اُس کو	مگر	ہر	حد سے تجاوز کرنے والا

اَثِيْمٍ لا (12)	اِذَا	تُتْلٰى [12]	عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا
سخت گناہ گار	جب	تلاوت کی جاتی ہیں	اُس پر	ہماری آیات

قَالَ [13]	اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ط (13)	كَلَّا [7]	بَلْ سکتة	رَانَ
وہ کہتا ہے	پہلے لوگوں کے افسانے	ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ لگا دیا ہے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	مَّا [9]	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ (14)	كَلَّآ [7]
اُن کے دلوں پر	جو	تھے سب	وہ سب کماتے	ہرگز نہیں

اِنَّهُمْ	عَنْ رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّمَحْجُوْبُوْنَ [1][3] ط (15)
بے شک وہ	اپنے رب سے	اُس دن	ضرور سب حجاب میں رکھے گئے ہوئے

ثُمَّ	اِنَّهُمْ	لَصَالُوا [3]	الْجَحِيْمِ ط (16)	ثُمَّ
پھر	بیشک وہ	ضرور سب داخل ہونے والے	جہنم (میں)	پھر

يُقَالُ [14][4]	هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ ط (17)
کہا جائے گا	یہ (ہے)	جو	تھے تم	اُس کو	تم سب جھٹلاتے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 یعنی کیا یہ ناپ تول میں کمی کرنے والے لوگ اس بات سے نہیں ڈرتے کہ قیامت کے دن اُٹھائے جائیں گے اور اللہ کے سامنے پیش کیے جائیں گے جو سب پوشیدہ باتیں جانتا ہے

3 شروع میں لِ کا ترجمہ کے لیے اور لَ کا ترجمہ یقیناً یا ضرور کیا جاتا ہے۔

4 یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

5 فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

6 یہاں لِ کا ترجمہ کے لیے کی بجائے ضرورتاً ترجمہ کے سامنے کیا گیا ہے۔

7 كَلَّا یہ لفظ تنبیہ کرنے اور جھڑکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ عموماً ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔

8 سِجِّيْن ایک رجسٹر ہے جس میں کافروں اور بدکاروں کے نام اور کام درج ہیں۔

9 مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

10 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 مُعْتَدٍ اصل میں مُعْتَدِيٌ تھا قاعدے کے مطابق آخر سے ی گر گئی ہے۔

12 تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

13 قَالَ فعل ماضی ہے ضرورتاً حال میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

14 يُقَالُ دراصل يُقْوَلُ تھا یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، قاعدے کے مطابق "و" کی زبر پچھلے حرف کو دے کر اُسے "ا" سے بدلا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَنَّهُمۡ مَّبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿4﴾ لا	کہ بے شک وہ اٹھائے جانے والے ہیں۔ ﴿4﴾
لِيَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿5﴾ لا يَّوۡمَ يَقُوۡمُ	ایک بڑے دن کے لیے ﴿5﴾ جس دن کھڑے ہوں گے
النَّاسُ لِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿6﴾ ط	لوگ رب العالمین کے سامنے۔ ﴿6﴾
كَلَّاۤ اِنَّ كِتٰبَ الۡفُجَّارِ	ہرگز نہیں بے شک نافرمانوں کا اعمال نامہ
لَفِىۡ سِجِّيۡنٍ ﴿7﴾ ط	یقیناً سجّین میں ہے۔ ﴿7﴾
وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا سِجِّيۡنٌ ﴿8﴾ ط	اور آپ کیا جانیں سجّین کیا ہے۔ ﴿8﴾
كِتٰبٌ مَّرۡقُوۡمٌ ﴿9﴾ ط	(وہ) ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔ ﴿9﴾
وَيۡلٌ يَّوۡمَٮِٕذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿10﴾ لا	اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔ ﴿10﴾
الَّذِيۡنَ يُكَذِّبُوۡنَ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿11﴾ ط	وہ (لوگ) جو جزا کے دن کو جھٹلاتے ہیں۔ ﴿11﴾
وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖۤ اِلَّا	اور اسے نہیں جھٹلاتا مگر
كُلُّ مُعۡتَدٍ اَثِيۡمٍ ﴿12﴾ لا	ہر حد سے تجاوز کرنے والا سخت گناہ گار۔ ﴿12﴾
اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِ اٰيٰتُنَا	جب اُس پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں
قَالَ اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿13﴾ ط	(تو) وہ کہتا ہے (یہ) پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ ﴿13﴾
كَلَّا بَلۡ سکتۃ رَانَ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ	ہرگز نہیں بلکہ زنگ لگا دیا ہے ان کے دلوں پر
مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿14﴾ كَلَّاۤ	(اس نے) جو وہ کماتے تھے۔ ﴿14﴾ ہرگز نہیں
اِنَّهُمۡ عَنۡ رَّبِّهِمۡ يَوۡمَٮِٕذٍ	بے شک وہ اس دن اپنے رب (کے دیدار) سے
لَّمَحۡجُوۡبُوۡنَ ﴿15﴾ ط	ضرور حجاب میں رکھے جانے والے ہیں۔ ﴿15﴾
ثُمَّ اِنَّهُمۡ لَصَالُوا الۡجَحِيۡمِ ﴿16﴾ ط	پھر بیشک وہ ضرور جہنم میں داخل ہونیوالے ہیں ﴿16﴾
ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا	پھر کہا جائے گا یہ (وہ) ہے
الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ﴿17﴾ ط	جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ ﴿17﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مَّبۡعُوۡثُوۡنَ	: مبعوث، بعثت، مبعوث۔
لِيَوۡمٍ	: لہٰذا، الحمدللہ۔
لِيَوۡمٍ	: یوم آخرت، یوم حساب۔
عَظِيۡمٍ	: عظیم، اعظم، معظّم۔
يَقُوۡمُ	: قائم، قیام، قیام پاکستان۔
النَّاسُ	: عوام الناس۔
لِرَبِّ	: ربّ، ربِّ کائنات۔
الۡعٰلَمِيۡنَ	: عالم کفر، اقوام عالم۔
كِتٰبَ	: کتاب، کتابیں، کتب۔
الۡفُجَّارِ	: فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
لَفِىۡ	: فی سبیل اللہ، فی الحال۔
وَ	: شام وسحر، رحم وکرم۔
مَّرۡقُوۡمٌ	: راقم الحروف، تاریخ رقم کرنا۔
يُكَذِّبُوۡنَ	: کِذب، کاذب، تکذیب۔
اِلَّا	: اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل۔
كُلُّ	: کل نمبر، کل کائنات۔
تُتۡلٰى	: تلاوت، وحی متلوّ۔
عَلَيۡهِ	: علی الاعلان، علی العموم۔
اٰيٰتُنَا	: آیت، آیاتِ قرآنی۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ۔
الۡاَوَّلِيۡنَ	: اوّل، اوّلین فرصت۔
بَلۡ	: بلکہ۔
قُلُوۡبِهِمۡ	: قلب، قلبی تعلق۔
مَّا	: ماتحت، ماجرا، ماحول۔
يَكۡسِبُوۡنَ	: کسب حلال، کسبِ معاش۔
لَّمَحۡجُوۡبُوۡنَ	: حجاب۔
هٰذَا	: علیٰ ہذا القیاس، لہٰذا۔
تُكَذِّبُوۡنَ	: کذب، کاذب، تکذیب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

كَلَّآ	اِنَّ [1]	كِتٰبَ الۡاَبۡرَارِ	لَفِيۡ عِلِّيِّيۡنَ [2] ۭ (18)
ہرگز نہیں	بے شک	نیک لوگوں کا اعمال نامہ	یقیناً علیّین میں (ہوگا)

وَ	مَآ	اَدۡرٰىكَ [3]	مَا	عِلِّيُّوۡنَ [2] ۭ (19)
اور	کیا	جانیں آپ	کیا (ہے)	علیّون

كِتٰبٌ [4]	مَّرۡقُوۡمٌ ۙ (20)	يَّشۡهَدُهُ	الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۭ (21)
ایک کتاب (ہے)	لکھی ہوئی	وہ حاضر رہتے ہیں اُس کے پاس	سب مقرب (فرشتے)

اِنَّ [1]	الۡاَبۡرَارَ	لَفِيۡ نَعِيۡمٍ ۙ (22)	عَلَى الۡاَرَآئِكِ
بے شک	نیک لوگ	یقیناً نعمت میں (ہونگے)	تختوں پر

يَنۡظُرُوۡنَ ۙ (23)	تَعۡرِفُ	فِيۡ وُجُوۡهِهِمۡ [5]	نَضۡرَةَ [6]
وہ سب دیکھ رہے ہونگے	آپ پہچانیں گے	اُن کے چہروں میں	تازگی

النَّعِيۡمِ ۚ (24)	يُسۡقَوۡنَ [7]	مِنۡ رَّحِيۡقٍ	مَّخۡتُوۡمٍ [8] ۙ (25)
نعمت (کی)	وہ سب پلائے جائیں گے	خالص شراب میں سے	سربمہر

خِتٰمُهٗ	مِسۡكٌ ۭ	وَ	فِيۡ ذٰلِكَ	فَلۡيَتَنَافَسِ [10] [9]
اُس کی مہر	کستوری	اور	اِس میں	پس چاہیے کہ رغبت کریں

الۡمُتَنَافِسُوۡنَ [11] ۭ (26)	وَمِزَاجُهٗ	مِنۡ تَسۡنِيۡمٍ [12] ۙ (27)	عَيۡنًا [4]
سب رغبت کرنے والے	اور اُس کی ملاوٹ	تسنیم سے	ایک چشمہ

يَّشۡرَبُ [10]	بِهَا	الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۭ (28)	اِنَّ الَّذِيۡنَ [1]	اَجۡرَمُوۡا
پییں گے	اُس سے	سب مقرب لوگ	بے شک (وہ لوگ) جن	سب نے جرم کیے

كَانُوۡا	مِنَ الَّذِيۡنَ [13]	اٰمَنُوۡا	يَضۡحَكُوۡنَ ۖ (29)	وَاِذَا
تھے وہ سب	ان (لوگوں) پر جو	سب ایمان لائے	وہ سب ہنستے	اور جب

مَرُّوۡا	بِهِمۡ	يَتَغَامَزُوۡنَ [14] ۖ (30)	وَاِذَا
سب گزرتے	اُن (کے پاس) سے	وہ سب آپس میں آنکھوں سے اشارے کرتے تھے	اور جب

انۡقَلَبُوۡۤا [15]	اِلٰۤى اَهۡلِهِمُ [5]	انۡقَلَبُوۡا	فَكِهِيۡنَ ۖ (31)
وہ سب لوٹتے	اپنے گھر والوں کی طرف	سب لوٹتے	سب دل لگی کرتے ہوئے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کیلیے ہے۔

2 عِلِّيِّيۡنَ یا عِلِّيُّوۡنَ سے مراد ایک رجسٹر ہے جس میں نیک لوگوں کے نام اور کام درج ہیں یا ساتواں آسمان مراد ہے جہاں مومنوں کی روحیں لے جائی جاتی ہیں۔

3 مَآ اَدۡرٰىكَ کا اصل ترجمہ کس چیز نے آپ کو معلوم کروایا ہے۔

4 اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

5 هُمۡ یا هِمۡ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 ۃ واحد مونث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

7 یہ دراصل يُسۡقَيُوۡنَ تھا یَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 مَّخۡتُوۡمٍ (سربمہر) اس کے خالص پن کو واضح کرنے کے لیے کہا گیا ہے، یعنی اُس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہوگی۔

9 وَ یا فَ کے بعد "لۡ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

10 یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

11 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 تَسۡنِيۡمٍ جنت میں عمدہ شراب کے ایک چشمے کا نام ہے۔

13 یہاں مِنۡ کا ترجمہ ضرورتاً پر کیا گیا ہے۔

14 اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

15 اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً حال یا مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الۡاَبۡرَارِ	ہرگز نہیں بلاشبہ نیک لوگوں کا اعمال نامہ
لَفِیۡ عِلِّیِّیۡنَ ﴿18﴾	یقیناً علیّین میں ہو گا۔ ﴿18﴾
وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا عِلِّیُّوۡنَ ﴿19﴾	اور آپ کیا جانیں علیّین کیا ہے۔ ﴿19﴾
كِتٰبٌ مَّرۡقُوۡمٌ ﴿20﴾	ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔ ﴿20﴾
یَّشۡهَدُهُ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ﴿21﴾	اُسکے پاس مقرب (فرشتے) حاضر رہتے ہیں۔ ﴿21﴾
اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ ﴿22﴾	بیشک نیک لوگ یقیناً نعمت (جنت) میں ہونگے۔ ﴿22﴾
عَلَی الۡاَرَآئِكِ یَنۡظُرُوۡنَ ﴿23﴾	تختوں پر (بیٹھے) نظارہ کر رہے ہونگے۔ ﴿23﴾
تَعۡرِفُ فِیۡ وُجُوۡهِهِمۡ	آپ ان کے چہروں میں پہچانیں گے
نَضۡرَةَ النَّعِیۡمِ ﴿24﴾ یُسۡقَوۡنَ	نعمت کی تازگی۔ ﴿24﴾ وہ پلائے جائیں گے
مِنۡ رَّحِیۡقٍ مَّخۡتُوۡمٍ ﴿25﴾	سربمہر خالص شراب میں سے۔ ﴿25﴾
خِتٰمُهٗ مِسۡكٌ ؕ وَفِیۡ ذٰلِكَ	اس کی مہر کستوری ہوگی اور اس میں
فَلۡیَتَنَافَسِ الۡمُتَنَافِسُوۡنَ ﴿26﴾	پس چاہیے کہ رغبت کرنیوالے رغبت کریں۔ ﴿26﴾
وَمِزَاجُهٗ مِنۡ تَسۡنِیۡمٍ ﴿27﴾	اور اُس کی ملاوٹ تسنیم سے ہوگی۔ ﴿27﴾
عَیۡنًا یَّشۡرَبُ بِهَا الۡمُقَرَّبُوۡنَ ﴿28﴾	(جو) ایک چشمہ ہے اس سے مقرب لوگ پییں گے ﴿28﴾
اِنَّ الَّذِیۡنَ اَجۡرَمُوۡا	بے شک وہ لوگ جنھوں نے جرم کیے (یعنی گناہ گار)
كَانُوۡا مِنَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا یَضۡحَكُوۡنَ ﴿29﴾	ان لوگوں پر جو ایمان لائے ہنسا کرتے تھے۔ ﴿29﴾
وَاِذَا مَرُّوۡا بِهِمۡ	اور جب ان کے (پاس) سے گزرتے
یَتَغَامَزُوۡنَ ﴿30﴾	(تو) آپس میں آنکھوں سے اشارے کرتے تھے ﴿30﴾
وَاِذَا انۡقَلَبُوۡۤا اِلٰۤی اَهۡلِهِمُ	اور جب وہ لوٹتے اپنے گھروالوں کی طرف
انۡقَلَبُوۡا فَكِهِیۡنَ ﴿31﴾	(تو) دل لگی کرتے ہوئے (اور اتراتے ہوئے) لوٹتے۔ ﴿31﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

كِتٰبَ	: کتاب، کتابیں، کتب۔
الۡاَبۡرَارِ	: برّ، ابرار۔
لَفِیۡ	: فی سبیل اللہ، فی الحال۔
عِلِّیِّیۡنَ	: اعلیٰ علیّین، عرشِ معلّی۔
مَّرۡقُوۡمٌ	: راقم، تاریخ رقم کرنا۔
یَّشۡهَدُهُ	: شاہد، مشہود، شہادت۔
الۡمُقَرَّبُوۡنَ	: قُرب، قریب، مقرّب۔
الۡاَبۡرَارَ	: بر، ابرار۔
نَعِیۡمٍ	: نعیم، نعمت، انعام۔
عَلَی	: علی الاعلان، علی العموم۔
یَنۡظُرُوۡنَ	: نظر، منظر، نظارہ۔
تَعۡرِفُ	: تعارف، متعارف، معرفت۔
وُجُوۡهِهِمۡ	: وجاہت، توجہ، متوجہ۔
یُسۡقَوۡنَ	: ساقی، ساقی کوثر۔
مَّخۡتُوۡمٍ	: ختم الرسل، ختم نبوّت۔
مِسۡكٌ	: مسک، دواء المسک۔
وَ	: شام وسحر، خیر وعافیت۔
مِزَاجُهٗ	: مزاج، امتزاج۔
مِنۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
یَّشۡرَبُ	: مشروب، شربت۔
الۡمُقَرَّبُوۡنَ	: قرب، قریب، مقرّب۔
اَجۡرَمُوۡا	: جرم، مجرم، جرائم۔
اٰمَنُوۡا	: امن، ایمان، مومن۔
یَضۡحَكُوۡنَ	: مضحکہ خیز، تضحیک۔
مَرُّوۡا	: مرورِ زمانہ۔
انۡقَلَبُوۡا	: انقلاب۔
اِلٰی	: رجوع الی اللہ۔
اَهۡلِهِمُ	: اہل وعیال، اہل بیت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَاِذَا	رَاَوْهُمْ [1]	قَالُوْٓا	اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ [2]	لَضَآلُّوْنَ ﴿32﴾ لا
اور جب	وہ سب دیکھتے اُن کو	سب کہتے	بے شک یہ (لوگ)	یقیناً سب گمراہ (ہیں)
وَ [3]	مَآ	اُرْسِلُوْا [4]	عَلَيْهِمْ	حٰفِظِيْنَ ﴿33﴾ ط
حالانکہ	نہیں	وہ سب بھیجے گئے تھے	اُن پر	سب نگران (بناکر)
فَالْيَوْمَ [5]	الَّذِيْنَ [6]	اٰمَنُوْا	مِنَ الْكُفَّارِ [7]	
چنانچہ آج	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	کافروں پر	
يَضْحَكُوْنَ ﴿34﴾ لا	عَلَى الْاَرَآئِكِ لا	يَنْظُرُوْنَ ﴿35﴾ ط	هَلْ	
وہ سب ہنس رہے ہیں	تختوں پر (بیٹھے)	وہ سب دیکھ رہے ہیں	کیا	
ثُوِّبَ [4]	الْكُفَّارُ	مَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾ ع
بدلہ دے دیا گیا	کافروں (کو)	جو	تھے وہ سب	وہ سب کیا کرتے

ع 1 36 8

اٰيَاتُهَا: 25 — 84 سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ 83 — رُكُوْعُهَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ [8][9] ﴿1﴾ لا	وَ	اَذِنَتْ [8][9]	
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور	وہ کان لگائے گا	
لِرَبِّهَا	وَ	حُقَّتْ [8][10] ﴿2﴾ لا	وَ	اِذَا	الْاَرْضُ
اپنے رب پر	اور	اُس کا حق ہے	اور	جب	زمین
مُدَّتْ [8][9][10] ﴿3﴾ لا	وَ	اَلْقَتْ [8][9]	مَا	فِيْهَا	
پھیلا دی جائے گی	اور	پھینک دے گی	جو	اُس میں	
وَ	تَخَلَّتْ [8][9][11] ﴿4﴾ لا	وَ	اَذِنَتْ [8][9]	لِرَبِّهَا	
اور	وہ خالی ہو جائے گی	اور	وہ کان لگائے گی	اپنے رب کے لیے	
وَ	حُقَّتْ [8][10] ﴿5﴾ ط	يٰٓاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّكَ	
اور	اس کا حق بھی یہی ہے	اے	انسان	بلاشبہ تو	
كَادِحٌ	اِلٰى رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ [12][13] ﴿6﴾ ج		
محنت کرنے والا	اپنے رب کی طرف	(خوب) محنت	پھر ملنے والا ہے اُس سے		

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[2] هٰٓؤُلَآءِ یہ لفظ جمع مذکر و مونث دونوں کی طرف اشارہ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے اور اسکا ترجمہ عموماً یہ یا اِن کیا جاتا ہے۔

[3] وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی اس کا ترجمہ حالانکہ، جبکہ اور کبھی قسم بھی ہوتا ہے

[4] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

[6] اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، جس کا ترجمہ جو، جن، جنہیں، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔

[7] یہاں علامت مِنَ کا ترجمہ ضرورتاً پر کیا گیا ہے۔

[8] تْ فعل کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[9] اِنْشَقَّتْ، اَذِنَتْ، مُدَّتْ، اَلْقَتْ اور تَخَلَّتْ یہ سب گزرے ہوئے زمانے کے افعال ہیں کیونکہ ان سے پہلے اِذَا ہے اس لیے ترجمہ مستقبل کا کیا گیا ہے۔

[10] حُقَّتْ دراصل حُقِقَتْ اور مُدَّتْ دراصل مُدِدَتْ تھا، دونوں ق اور دونوں د ملا کر شد دی گئی ہے۔

[11] علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[12] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[13] اس کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ تو اے انسان اپنے رب سے ملنے والا ہے اور دوسرا یہ کہ اپنے اچھے یا برے عمل سے ملنے والا ہے۔

وَاِذَا رَاَوْهُمْ	اور جب وہ (کافر) اُن (مسلمانوں) کو دیکھتے (تو)
قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ۙ﴿32﴾	کہتے تھے بے شک یہ لوگ یقیناً گمراہ ہیں۔ ﴿32﴾
وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ؕ﴿33﴾	حالانکہ وہ ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے ﴿33﴾
فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	چنانچہ آج وہ لوگ جو ایمان لائے
مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ۙ﴿34﴾	وہ کافروں پر ہنس رہے ہیں۔ ﴿34﴾
عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ؕ﴿35﴾	تختوں پر (بیٹھے ان کا حال) دیکھ کر رہے ہیں۔ ﴿35﴾
هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ	کیا کافروں کو (اس کا) بدلہ دے دیا گیا
مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۧ﴿36﴾ ع 1 36 8	جو وہ کیا کرتے تھے۔ ﴿36﴾

اٰیَاتُھَا: 25 | 84 سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ 83 | رُکُوْعُھَا: 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿1﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔ ﴿1﴾
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا	اور اپنے رب (کے حکم) پر وہ کان لگائے گا
وَحُقَّتْ ۙ﴿2﴾	اور اس کا حق (بھی یہی) ہے۔ ﴿2﴾
وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ﴿3﴾	اور جب زمین پھیلادی جائے گی۔ ﴿3﴾
وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا	اور وہ جو کچھ اس میں ہے (باہر) پھینک دے گی
وَتَخَلَّتْ ۙ﴿4﴾ وَاَذِنَتْ	اور وہ خالی ہو جائے گی۔ ﴿4﴾ اور وہ کان لگائے گی
لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ؕ﴿5﴾	اپنے رب (کے حکم) پر اور اس کا حق (بھی یہی) ہے۔ ﴿5﴾
يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ	اے انسان بلاشبہ تو محنت کرنے والا ہے
اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا	اپنے رب کی طرف (پہنچنے میں) خوب محنت
فَمُلٰقِيْهِ ۚ﴿6﴾	پھر (اسی طرح تو) اس سے ملنے والا ہے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	:شام وسحر، رحم وکرم۔
رَاَوْهُمْ	:مرئی وغیر مرئی اشیا۔
قَالُوْا	:قول، اقوال، مقولہ۔
لَضَآلُّوْنَ	:ضلالت (گمراہی)۔
اُرْسِلُوْا	:ارسال، مرسل، رسول۔
عَلَيْهِمْ	:علی الاعلان، علیٰ ہٰذا القیاس
حٰفِظِيْنَ	:حفاظت، محفوظ، محافظ۔
فَالْيَوْمَ	:یوم آخرت، یوم حساب۔
اٰمَنُوْا	:امن، ایمان، مومن۔
مِنَ	:منجانب، من حیث القوم۔
الْكُفَّارِ	:کفر، کافر، کفّار، تکفیر۔
يَضْحَكُوْنَ	:مضحکہ خیز، تضحیک۔
يَنْظُرُوْنَ	:نظر، نظارہ، بنظر عمیق۔
ثُوِّبَ	:ثواب، اجر وثواب۔
مَا	:ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَفْعَلُوْنَ	:فعل، فاعل، مفعول۔
بِسْمِ	:اسم گرامی، اسمائے حسنیٰ۔
الرَّحْمٰنِ	:رحمٰن، رحمت، رحیم۔
الرَّحِيْمِ	:رحیم، رحمت، مرحوم۔
السَّمَآءُ	:ارض وسماء، کتب سماویہ۔
انْشَقَّتْ	:شقِّ صدر، واقعہ شقِّ قمر۔
حُقَّتْ	:حق، حقوق، حقیقت۔
مُدَّتْ	:مد، الف مدہ (کھینچنا)۔
اَلْقَتْ	:القاء کرنا۔
فِيْهَا	:فی الحال، فی الفور۔
تَخَلَّتْ	:خالی، خلوت، تخلیہ۔
لِرَبِّهَا	:ربوبیت، ربِّ کائنات۔
الْاِنْسَانُ	:انسان، انسانیت۔
اِلٰى	:رجوع الی اللہ، مرسل الیہ۔
فَمُلٰقِيْهِ	:ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

فَاَمَّا [1]	مَنۡ	اُوۡتِيَ [2]	كِتٰبَهٗ [3]	بِيَمِيۡنِهٖ [3][4] لا (7)
پھر رہا وہ	جو	دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	اپنے دائیں ہاتھ میں

فَسَوۡفَ	يُحَاسَبُ [5][6]	حِسَابًا	يَّسِيۡرًا لا (8)	وَّ
تو عنقریب	اس کا حساب لیا جائے گا	حساب	بہت آسان	اور

يَّنۡقَلِبُ	اِلٰٓى اَهۡلِهٖ [3]	مَسۡرُوۡرًا ط (9)	وَ
وہ لوٹے گا	اپنے گھر والوں کی طرف	ہنسی خوشی	اور

اَمَّا [1]	مَنۡ	اُوۡتِيَ [2]	كِتٰبَهٗ [3]	وَرَآءَ	ظَهۡرِهٖ [3] لا (10)
رہا وہ	جو	دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	پیچھے	اپنی پیٹھ (کے)

